
IslamHouse.com

مرکز أصول
Osoul Center
www.osoulcenter.com

Rabwah



# جنازے

## کے احکام ومسائل

اعداد

ابو اسعد قطب محمد اثری

نظر ثانی

ذاکر حسین وراثت اللہ

URDU
اردو

# أحكام الجنائز ومسائلها

اعداد
ابواسعد قطب محمد اثرى

مراجعة
ذاكرحسين وراثت الله

URDU
اردو

ⓒ **المكتب التعاوني للدعوة والإرشاد و توعية الجاليات بالربوة، ١٤٤١هـ**

**فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر**

الأثرى، قطب محمد

أحكام الجنائز ومسائلها: اللغة الأردية . / قطب محمد الأثرى. - الرياض، ١٤٤١هـ

١٠٠ ص، ١٤ سم x ٢١ سم

ردمك : ٥-٢٨-٨٢٩٧-٦٠٣-٩٧٨

١- الجنائز أ. العنوان

**ديوي ٢٥٢،٩ ١٤٤١/٥٥٥٧**

**رقم الايداع: ١٤٤١/٥٥٥٧**

**ردمك : ٥-٢٨-٨٢٩٧-٦٠٣-٩٧٨**

مركز أصول
Osoul Center
www.osoulcenter.com

أُعد هذا الكتاب وصمّم من قبل مركز أصول، وجميع الصور المستخدمة في التصميم يملك المركز حقوقها، وإن مركز أصول يتيح لكل مسلم طباعة الكتاب ونشره بأي وسيلة، بشرط الالتزام بالإشارة إلى المصدر، وعدم التغيير في النص، وفي حالة الطباعة يوصي المركز بالالتزام بمعاييره في جودة الطباعة.

+966 11 445 4900

+966 11 497 0126

P.O.BOX 29465 Riyadh 11457

osoul@rabwah.sa

www.osoulcenter.com

بسم الله الرحمن الرحيم

# بیماری کی حکمت اور اس کے چند فوائد

انسانی زندگی خوشی اور غمی سے بٹی ہوئی ہے، لیکن مرد مومن کے حق میں دونوں ہی باعث خیر و بھلائی ہیں، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: «عَجبًا لأَمْرِ الْمُؤْمِنِ، إِنَّ أَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ، وَلَيْسَ ذَاكَ لأَحَدٍ إلا لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ، فَكَانَ خَيْرًا لَهُ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ، فَكَانَ خَيْرًا لَهُ» ''مومن کا معاملہ بھی خوب ہے، اس کا ہر حال ہی بہتر ہوتا ہےاور یہ بات مومن کے سوا کسی کو نصیب نہیں، اگر خوشی نصیب ہو تو شکر گذار ہوتا ہے تو یہ اس کے لئے بہتر ہے اور اگر تکلیف پہنچے تو صبر کرتا ہے تو یہ بھی اس کے لئے بہتر ہے''۔ (صحیح مسلم: ۲۹۹۹)۔

ایک دوسری روایت میں ابو بردہ بیان فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے بارہا سنا وہ کہا کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: «إِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ أَوْ سَافَرَ، كُتِبَ لَهُ مِثْلُ مَا كَانَ يَعْمَلُ مُقِيمًا صَحِيحًا». ''جب بندہ بیمار ہوتا ہے یا سفر کرتا ہے تو اس کے لئے ان تمام عبادات کا ثواب لکھا جاتا ہے جنھیں اقامت یا صحت کے وقت یہ کیا کرتا تھا''۔(صحیح البخاری : ۲۹۹۶)

## ﴿ بیماری انسان کو غفلت سے بیدار کرتی ہے ﴾

آدمی جب صحت مند ہوتا ہے تو زندگی کی گوناگوں لذتوں وشہوتوں میں ڈوبا ہوتا ہے اور خود اس کی اور دنیا کی حقیقتیں اس کی نگاہوں سے اوجھل ہو جاتی ہیں، حتی کی اپنے مولائے حقیقی کو بھی فراموش کر بیٹھتا ہے، اس کی نادانی اور غفلت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے شیطان اسے گناہ ومعصیت کے سمندر میں ڈھکیل دیتا ہے، پھر جب اللہ اسے کسی بیمار ی و غیرہ دیگر آزمائشوں میں ڈال دیتا ہے یا کسی طوفاں سے آشنا کردیتا ہے تب اسے اپنی ناتوانی اور اللہ کی محتاجی کا احساس ہوتا ہے، اپنی کوتاہی اور کمی کا شعور بیدار ہوتا ہے پھر اپنے کرتوتوں پر پشیماں ہوکر اپنے مولائے کریم کی طرف روتے وگڑگڑاتے اور معافی کا طلب گار ہوکر واپس آ جاتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے:

﴿وَعَسَىٰٓ أَن تَكۡرَهُواْ شَيۡـٔٗا وَهُوَ خَيۡرٞ لَّكُمۡۖ وَعَسَىٰٓ أَن تُحِبُّواْ شَيۡـٔٗا وَهُوَ شَرّٞ لَّكُمۡ﴾ [البقرة: ٢١٦]

"اور یہ بھی ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو اچھی سمجھو، حالانکہ وہ تمھارے لیے بری ہو حقیقی علم اللہ ہی کو ہے، تم محض بے خبر ہو"۔

## بیماری گناہوں کے لئے کفارہ ہے

ایک حدیث میں اللہ کے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے: «مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيبُهُ أَذًى شَوْكَةٌ فَمَا فَوْقَهَا إِلا كَفَّرَ اللَّهُ بِهَا سَيِّئَاتِهِ كَمَا تَحُطُّ

الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا» ”جس مسلمان کو بیماری یا اس کے علاوہ کوئی اور تکلیف پہنچتی ہے تو اللہ اس کے ذریعہ اس کے گناہوں کو اس طرح گرادیتے ہیں جیسی درخت اپنے پتوں کو گرا دیتا ہے“۔ (صحیح البخاری: ۵۶۴۸)

ایک دوسری حدیث میں رسول مکرم ﷺ نے فرمایا: «إِذَا أَرَادَ اللهُ بِعَبْدِهِ الْخَيْرَ، عَجَّلَ لَهُ الْعُقُوبَةَ فِي الدُّنْيَا، وَإِذَا أَرَادَ اللهُ بِعَبْدِهِ الشَّرَّ، أَمْسَكَ عَنْهُ بِذَنْبِهِ، حَتَّى يُوَافِيَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ»

”جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے کے ساتھ خیر اور بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسے دنیا ہی میں جلد سزا دے دیتا ہے اور جب اپنے کسی بندے کے ساتھ شر (برائی) کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے گناہوں کی سزا کو روکے رکھتا ہے۔یہاں تک کہ قیامت کے دن اسے پوری پوری سزا دیتا ہے“۔(سنن الترمذی :۲۳۹۶) (صحیح)

## بیماری سے غم خواری کا جذبہ پیدا ہوتا ہے

اللہ سبحانہ تعالی کی حکمتوں میں سے یہ ہے کہ وہ اپنی مختلف قسم کی نعمتوں کو نواز کر اپنے بندوں کو اپنی نعمتوں کا الگ الگ انداز سے احساس جتلاتا ہے تاکہ وہ اس کے سچے شکرگذار اور ماضی و حال کی نعمتوں کو سامنے رکھ کر اس کی نعمتوں کو یاد کر سکیں اور کبھی مختلف قسم کی بیماریوں سے آزمائش میں ڈال کر صحت کی قیمت کا اندازہ لگواتا ہے اور اس وقت کو یاد دلاتا ہے جب صحت کی حالت میں وہ غفلت کے شکار تھے اور اپنے

دوسرے بھائیوں کی بیماری دیکھ کر نصیحت نہیں حاصل کررہے تھے،اب جب کہ وہ اس کے شکار ہوئے تو دل سے کبر و نخوت، عجب وحسد، سختی و تنگی سب نکل گئی اور دل کی تمام مذموم اخلاقی بیماریاں دور ہو گئیں اور وہی دل نرمی، محبت اور غم خواری میں تبدیل ہو گیا،جیسے موجودہ دور میں ہم خوش حالیوں پر شاداں و فرحاں ہوتے ہیں اسی طرح سلف صالحین مرض و فقر کی آزمائشوں سے خوش ہوتے تھے جیسا کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: «وَإِنْ كَانَ أَحَدُهُمْ لَيَفْرَحُ بِالْبَلَاءِ كَمَا يَفْرَحُ أَحَدُكُمْ بِالرَّخَاءِ». ”اور بعض آزمایش سے اس قدر خوش ہوتے ہیں جتنا تم میں سے کوئی مال ودولت ملنے پر خوش ہوتا ہے“ (سنن ابن ماجہ : ۴۰۲۴) (صحیح)

وہب بن منبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں : تم میں پہلے کے لوگ جب انھیں کوئی مصیبت دامن گیر ہوتی تو وہ اسے اپنے حق میں خوش حالی شمار کرتے اور جب انھیں خوش حالی میسر آتی تو اسے اپنے حق میں بلا و آزمائش شمار کرتے۔

## علاج و معالجہ کی شرعی حیثیت

علاج و معالجہ کرنا یہ توکل علی اللہ کے منافی نہیں ہے،بلکہ بسا اوقات علاج کرنا حد وجوب تک پہنچ جاتا ہے، بس اتنی بات ضرور یادرہنی چاہیئے کہ اللہ سے شفا کی کامل توقع اور امید رکھتے ہوئے بطور اسباب علاج ومعالجہ میں کوئی قباحت نہیں ہے، کیونکہ اصل شفا اللہ

کے ہاتھ میں ہے اور دوائیں وغیرہ محض اسباب ہیں۔جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے ہماری رہنمائی فرمائی ہے۔ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«مَا أَنْزَلَ اللَّهُ دَاءً إِلا أَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً» "اللہ تعالی نے جو بھی بیماری اتاری ہے اس کی شفا بھی نازل فرمائی ہے" (صحیح البخاری : ۵۶۷۸)

## علاج کے نا جائز طریقے

ان تمام چیزوں سے علاج کرنا حرام ہے جو عقیدہ کی بربادی کا باعث بنے :

۱-گلے میں یا ہاتھ و کمر میں تعوذیں یا کالے دھاگے وغیرہ لٹکاکر نظر بد یا بلاووں کا علاج کرنا حرام ہے اللہ کے نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: «من علق تميمة، فقد أشرك» "جس نے ( علاج یا بیماری سے تحفظ کی غرض سے کوئی منکا یا ) تعویذ لٹکایا اس نے شرک کیا" (مسند احمد : ۴/۱۵۶) صحیح، (الصحیحۃ: ۴۹۲)

۲-ایسے ہی جادوگروں کے پاس جانا،کاہنوں اور نجومیوں کے پاس جانا، تعویذ گنڈا کرنے والوں کے پاس جانا، غیر اللہ کے نام ذبیحہ کرنا،وغیرہ یہ سارے کے سارے علاج کے نا جائز طریقے ہی نہیں بلکہ انسان کو شرک تک پہنچانے والے عمل ہیں ۔

۳- حرام اشیاء کے ساتھ علاج کرنا جائز نہیں جیسا کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: «إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَجْعَلْ شِفَاءَكُمْ فِيمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ» "بلا شبہ اللہ تعالی نے تمہاری شفا ان اشیاء میں نہیں بنائی جنہیں تم پر حرام کیا ہے"
(صحیح البخاری: ۵۶۱۴)

اور اس کی وضاحت ایک حدیث میں یوں ہے کہ طارق بن سوید رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے شراب کے متعلق سوال کیا، تو آپ ﷺ نے اس سے منع فرمادیا، یا اس کا بنانا نا پسند کیا، تو طارق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ میں اس سے دوا بناتا ہوں، تو آپ ﷺ نے فرمایا: «إنه ليس بدواء، ولكنه داء» "یہ دوا نہیں ہے بلکہ یہ تو بیماری ہے" (صحیح مسلم: ۱۹۸۴)۔

## علاج کے جائز طریقے

دم (جھاڑ پھونک) کے ذریعہ علاج کرنا: دم کے ذریعہ علاج کرنا شریعت نے جائز کیا ہے لیکن اسے تین شرطوں سے مشروط کیا ہے: ایک تو یہ کہ وہ اس بات کا اعتقاد نہ رکھے کہ بغیر اللہ کے وہ بذات خود نفع بخش ہے، اگر اس طرح کا اعتقاد ہے تو حرام ہی نہیں بلکہ شرک ہے، حقیقت میں اس کا عقیدہ یہ ہونا چاہئے کہ یہ محض سبب ہے اور اللہ کے حکم کے بغیر ذرا بھی نفع بخش نہیں ہوسکتا، دوسری شرط یہ ہے کہ جھاڑ پھونک شریعت کے مخالف نہ ہو یعنی ایسی دعا نہ ہو جس میں غیر اللہ کو پکارا جارہا ہو یا پھر جنوں سے مدد مانگی جارہی ہو یا اس جیسا

ان تمام صورتوں میں جھاڑ پھونک حرام ہے اور تیسری شرط یہ ہے کہ دم میں پڑھی جانے والی دعائیں معروف ہوں اور ان کا معنی و مطلب بھی واضح ہو، اگر وہ طلاسم یا بے معنی ادا کئے جانے والے منتروں کے قبیل سے ہے تو نا جائز اور حرام ہے ۔

- کلونجی کے ذریعہ علاج کرنا۔
- سنائے مکی اور زیرہ سے علاج کرنا۔
- شہد سے علاج کرنا۔
- آب زمزم سے علاج کرنا۔
- اثمد سرمہ سے علاج کرنا ۔
- مہندی سے علاج کرنا ۔
- زخم سے خون روکنے کے لئے داغ کر علاج کرنا۔
- پچھنے لگوا کر علاج کرنا۔
- عجوۃ کھجور سے علاج کرنا۔

نیز تمام حلال چیزوں سے علاج کرنا چاہے اس کا تعلق انگریزی دواؤں سے ہو یا حکمت وآرویدی یا ہومیوپیتھک سے ہو اس میں کوئی حرج نہیں ۔

# مریض کی عیادت کا حکم

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حدیث میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: رَدُّ السَّلَامِ، وَعِيَادَةُ الْمَرِيضِ، وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ، وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ، وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ» ''مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں: سلام کا جواب دینا، مریض کی عیادت کرنا، جنازے میں شرکت کرنا، دعوت قبول کرنا، جسے چھینک آئے اسے یرحمک اللہ کہنا'' (صحیح البخاری : ۱۲۴۰)۔

ایک دوسری حدیث جسے براء بن عازب رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں :

«أَمَرَنَا بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَعِيَادَةِ الْمَرِيضِ، وَإِجَابَةِ الدَّاعِي، وَنَصْرِ الْمَظْلُومِ، وَإِبْرَارِ الْقَسَمِ، وَرَدِّ السَّلَامِ، وَتَشْمِيتِ الْعَاطِسِ، وَنَهَانَا عَنْ آنِيَةِ الْفِضَّةِ، وَخَاتَمِ الذَّهَبِ، وَالْحَرِيرِ، وَالدِّيبَاجِ، وَالْقَسِّيِّ، وَالإِسْتَبْرَقِ» ''ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات کاموں کا حکم دیا اور سات کاموں سے روکا۔ ہمیں آپ نے حکم دیا تھا: جنازے کے ساتھ چلنے کا مریض کی مزاج پرسی (عیادت) کا دعوت قبول کرنے، مظلوم کی مدد کرنے کا، قسم پوری کرنے کا، سلام کے جواب دینے کا، چھینک پر ''یرحمک اللہ'' (اللہ تم پر رحم کرے) کہنے کا اور آپ نے ہمیں منع کیا تھا: چاندی کا برتن (استعمال

میں لانے) سے، سونے کی انگوٹھی پہننے سے، ریشم اور دیباج (کے کپڑوں کے پہننے) سے، قسی سے، استبرق سے" (صحیح البخاری : ۱۲۳۹)۔

## عیادت کرنے کی فضیلت

ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «إِنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا عَادَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ لَمْ يَزَلْ فِي خُرْفَةِ الْجَنَّةِ حَتَّى يَرْجِعَ». "مسلمان جب اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے تو وہ برابر جنت کے باغ میں رہتا ہے یہاں تک کہ وہ وہاں سے لوٹ آئے" (صحیح مسلم :۲۵۶۹)۔

ایک دوسری روایت جس میں علی رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعُودُ مُسْلِمًا غُدْوَةً، إِلَّا صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُمْسِيَ. وَإِنْ عَادَهُ عَشِيَّةً، إِلَّا صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُصْبِحَ. وَكَانَ لَهُ خَرِيفٌ فِي الْجَنَّةِ». "جو مسلمان بھی کسی مسلمان کی صبح کے وقت عیادت کرتا ہے تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے ہیں۔ اور جو شام کو عیادت کرتا ہے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے ہیں۔ اور اس کے لیے جنت میں ایک باغ ہو گا"۔ (سنن الترمذی : ۹۶۹) (صحیح)۔

## آداب عیادت

مریض کی عیادت کے چند شرعی آداب ہیں جنہیں بوقت عیادت ملحوظ خاطر رکھنا چاہیئے تاکہ مریض کو تکلیف نہ ہو:

- عیادت کے وقت مریض کو دعا دینا۔
- مریض کی پیشانی یا سینہ یا پیٹ پر ہاتھ پھیرنا۔
- سورہ فاتحہ یا ثابت شدہ دعائیں پڑھ کر دم کرنا۔
- مریض کے پاس اچھی بات کہنا۔
- مریض کو تسلی دینا۔

## عیادت کے مسائل

- تین دن کے بعد عیادت کرنے والی بات صحیح نہیں ہے کیونکہ یہ بات جس حدیث کی روشنی میں کہی جارہی ہے وہ حدیث موضوع ہے۔
(ملاحظہ ہو: ضعیف ابن ماجہ، حدیث نمبر ۳۰۲،الضعیفۃ: ۱۴۵)۔
- عورت کا مرد کی عیادت کرنا جائز ہے (صحیح البخاری: ۵۶۵۴)۔
- مشرک کی عیادت کرنا جائز ہے (صحیح البخاری : ۵۶۵۷ )۔
- مریض کا حال اس کے گھر والوں سے پوچھنا مستحب ہے (صحیح بخاری: ۶۲۶۶)۔

# مریض کے فرائض

۞ صبر کرنا اور تقدیر پر راضی رہنا اور اپنے پروردگار کے بارے میں حسن ظن رکھنا جیسا کہ جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «لا يَمُوتَنَّ أَحَدُكُمْ إِلا وَهُوَ يُحْسِنُ بِاللَّهِ الظَّنَّ». ”تم میں سے کوئی نہ مرے مگر اللہ کے ساتھ اچھا گمان رکھ کر۔(کہ اللہ مجھے معاف کر دے گا)“ (صحیح مسلم: ۲۸۷۷)۔

۞ اللہ تعالی سے سچی توبہ کرنا جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا:

﴿وَتُوبُوٓاْ إِلَى ٱللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ﴾

[النور: ٣١]

”اے مومنو! تم سب اکٹھے اللہ کی طرف رجوع کرو، تاکہ تم فلاح پاجاؤ“۔

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ». ”بے شک اللہ (عز و جل) اپنے بندے کی توبہ قبول کرتا رہتا ہے جب تک اس کی جان حلق میں نہ آجائے“۔ (سنن ابن ماجہ: ۴۲۵۳) (صحیح)

۞موت سے پہلے اپنی تمام تر ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو جائے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: «مَنْ كَانَتْ لَهُ مَظْلَمَةٌ لأَخِيهِ مِنْ عِرْضِهِ أَوْ شَيْءٍ، فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْيَوْمَ قَبْلَ أَنْ لا يَكُونَ دِينَارٌ وَلا دِرْهَمٌ، إِنْ كَانَ لَهُ عَمَلٌ صَالِحٌ أُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلَمَته، وَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبه، فَحُمِلَ عَلَيْهِ» ”اگر کسی شخص کا ظلم کسی دوسرے کی عزت پر ہو یا کسی طریقہ (سے ظلم کیا ہو) تو اسے آج ہی، اس دن کے آنے سے پہلے معاف کرا لے جس دن نہ دینار ہوں گے نہ درہم، بلکہ اگر اس کا کوئی نیک عمل ہو گا تو اس کے ظلم کے بدلے میں وہی لے لیا جائے گا۔ اور اگر کوئی نیک عمل اس کے پاس نہیں ہو گا تو اس کے ساتھی (مظلوم) کی برائیاں اس پر ڈال دی جائیں گی“ (صحیح البخاری: ۲۴۴۹)۔

۞خوف اور امید کی درمیانی کیفیت میں رہے اور اپنی گناہوں پر اللہ کی سزا سے ڈرتا رہے اور ساتھ ہی اپنے رب کی رحمت کا امید وار بھی رہے جیسا کہ انس رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: «كَيْفَ تَجِدُكَ؟ قَالَ: وَاللهِ! يَا رَسُولَ اللهِ! أَنِّي أَرْجُو اللهَ وَإِنِّي أَخَافُ ذُنُوبِي: فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: «لاَ يَجْتَمِعَانِ فِي قَلْبِ عَبْدٍ فِي مِثْلِ هَذَا الْمَوْطِنِ، إِلاَّ أَعْطَاهُ اللهُ مَا يَرْجُو، وَآمَنَهُ مِمَّا يَخَافُ» ”تم اپنے کو کیسا پا رہے ہو؟ اس نے عرض کیا: اللہ کی قسم، اللہ کے رسول! مجھے اللہ سے امید ہے اور اپنے گناہوں سے ڈر بھی رہا ہوں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ

دونوں چیزیں اس جیسے وقت میں جس بندے کے دل میں جمع ہوجاتی ہیں تواللہ اسے وہ چیز عطا کر دیتا ہے جس کی وہ اس سے امید رکھتا ہے اور اسے اس چیز سے محفوظ رکھتا ہے جس سے وہ ڈررہا ہوتا ہے“۔(صحیح ترمذی: ۹۸۳)

۞ موت کی تمنا ہر گز نہیں کرنی چاہئیے خواہ مرض کتنا ہی سخت ہو، جیسا کہ مندرجہ ذیل حدیث میں ہے: انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: «لا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ أَصَابَهُ، فَإِنْ كَانَ لا بُدَّ فَاعِلا، فَلْيَقُلْ: اللَّهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي» ”کسی تکلیف میں اگر کوئی شخص مبتلا ہو تو اسے موت کی تمنا نہیں کرنی چاہئے اور اگر کوئی موت کی تمنا کرنے ہی لگے تو یہ کہنا چاہئے ، اے اللہ! جب تک زندگی میرے لئے بہتر ہے مجھے زندہ رکھ اور جب موت میرے لئے بہتر ہو تو مجھ کو اٹھا لے“۔ (صحیح البخاری :۵۶۷۱)

## وصیت کے چند احکام

۞ مریض کو چاہئے کہ اگر اس کے پاس کوئی قابل وصیت چیز ہو تو اس کی وصیت ضرور کرے۔

۞ ثلث (ایک تہائی مال) سے زیادہ وصیت کرنا درست نہیں ۔

۞ ورثاء کے لئے وصیت کرنا جائز نہیں ۔

- جو رشتہ دار وارث نہیں بنتے ان کے لئے وصیت کرنا جائز ہے ۔
- وصیت میں ورثاء کو نقصان پہنچانا جائز نہیں ۔
- ظالمانہ وصیت نا قابل قبول ہے ۔
- سنت کے مطابق ورثاء کو تجہیز و تکفین کی وصیت کرنا مسنون و مستحب ہے ۔
- وفات کے وقت اہل و عیال کو نہ رونے کی وصیت کرنا۔
- اپنی ناراض اولاد کو عاق کرنا جائز نہیں ۔

# قریب الموت شخص کو کلمہ شہادت کی تلقین کرنا اور دعا دینا

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «لقنوا موتاكم: لا إله إلا الله» ”قریب المرگ آدمی کو لا الہ الا اللہ کی تلقین کرو“ (صحیح مسلم: ۹۱۶)۔

ایک حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «إِذَا حَضَرتُمُ المريضَ أو الميتَ، فقُولُوا خَيرًا، فإنّ الملائكةَ يُؤمنونَ على مَا تَقولونَ» (صحیح مسلم:۹۱۹) ”جب تم کسی مریض یا مرنے والے کے پاس ہو تو صرف اچھی بات کہو کیونکہ فرشتے تمہاری بات پر آمین کہتے ہیں“۔

## قریب الوفات شخص کے پاس سورت یسین پڑھنے کا حکم

قریب المرگ شخص کے پاس سورت یسین کی تلاوت کرنا اور اس کا رخ قبلہ رو کرنا کسی بھی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے، سنن ابی داود میں اس سلسلے میں ایک حدیث مروی ہے لیکن وہ صحیح نہیں ہے، لہذا اس پر عمل کرنا مناسب نہیں ہے اس کے متعلق مزید معلومات کے لئے (ملاحظہ ہو: ارواء الغلیل للالبانی:۳/۱۵۰، حدیث نمبر ۶۸۸)۔

بلکہ ایک مشہور تابعی سعید بن المسیب رحمہ اللہ نے قبلہ رخ کرنے کو نا پسند فرمایااور کہا: کیامرنے والا مسلمان نہیں ہے؟ واقعہ کچھ یوں ہے جسے زرعہ بن عبدالرحمن رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں کہ میں سعید بن المسیب کی حالت مرض میں موجود تھا، اچانک ان پر غشی طاری ہوئی،ابو سلمہ کے کہنے پر ان کا بستر قبلہ رو کردیا گیا،جب ان کو افاقہ ہوا تو پوچھا ، آپ حضرات نے میرا بستر پھیرا ہے؟ کہنے لگے ہاں،انھوں نے ابو سلمہ کی طرف دیکھ کر کہا: میرا خیال ہے تم نے کروایا ہے ، ابو سلمہ نے جوابا کہا : ہاں، میں نے ہی کہا تھا، پھرسعید بن المسیب نے کہا: میرا بستر پہلے کی طرح کردیا جائے۔

(مصنف ابن شیبہ ۴/۷۶ صحیح )۔

# موت اور اس کے احکام

انسان کی عمر جتنی بھی لمبی ہو جائے اسے ایک نہ ایک روز مرنا ہے، اور دارالعمل سے دارالجزاء منتقل ہونا ہے۔

## موت کو یاد کرنا

مسلمان کے اوپر واجب ہے کہ وہ ہمیشہ موت کو یاد رکھے۔ اس لئے نہیں کہ اس سے اس کے اہل وعیال دوست واحباب چھوٹ جائیں گے اور دنیا کی لذتیں چھوٹ جائیں گی بلکہ اس لئے کہ اس سے عمل کا موقع چھوٹ جائے گا اور آخرت کے لئے کھیتی نہیں کر سکے گا، لہذا وہ زیادہ سے زیادہ آخرت کی تیاری کرے اور اللہ کی طرف اپنا دل لگائے۔

مسلمان پر واجب ہے کہ وہ موت کے وقت اللہ کے بارے میں اچھا گمان رکھے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص جب مرے تو اس حال میں مرے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان رکھتا ہو۔ (صحیح مسلم: ۲۸۷۷)

## موت کی تمنا کرنا

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: «لا یتمنین

أحدكم الموت لضر نزل به، فإن كان لا بد متمنيا، فليقل: اللهم أحييني ما كانت الحياة خيرا لي، وتوفني إذا كانت الوفاة خيرا لي» ”تم میں سے کوئی شخص کوئی تکلیف پہنچنے کی وجہ سے موت کی تمنا نہ کرے اور اگر موت کی تمنا کرنا اس کے لیے ضروری ہے تو یہ کہے: اے اللہ! مجھے اس وقت تک زندہ رکھ جب تک زندگی میرے لئے بہتر ہو اور اس وقت مجھے وفات دے جب وفات میرے لئے بہتر ہو“۔ (صحیح البخاری: ٦٣٥١، صحیح مسلم: ٢٦٨٠)

مسلمان پر واجب ہے کہ وہ موت کی تیاری کرے، اس کو کثرت سے یاد کرے، موت کے لیے تیاری یہ ہے کہ گناہوں سے توبہ کرے، آخرت کو ترجیح دے، ظلم نہ کرے، اللہ کی خوب عبادت کرےاور محرمات سے بچے۔ مریض کی عیادت کی جائے اسے توبہ کرنے اور وصیت کرنے کے لئے کہا جائے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿قُلۡ إِنَّ ٱلۡمَوۡتَ ٱلَّذِي تَفِرُّونَ مِنۡهُ فَإِنَّهُۥ مُلَٰقِيكُمۡۖ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَٰلِمِ ٱلۡغَيۡبِ وَٱلشَّهَٰدَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ﴾ [الجمعة: ٨]

”کہہ دیجئے! کہ جس موت سے تم بھاگتے پھرتے ہو وہ تو تمہیں پہنچ کر رہے گی پھر تم سب چھپے کھلے کے جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور وہ تمہیں تمہارے کئے ہوئے تمام کام بتلا دے گا“۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ أَيۡنَمَا تَكُونُواْ يُدۡرِككُّمُ ٱلۡمَوۡتُ وَلَوۡ كُنتُمۡ فِي بُرُوجٖ مُّشَيَّدَةٖۗ ﴾ [النساء: ۷۸]

”تم جہاں کہیں بھی ہو موت تمہیں آ پکڑے گی گو تم مضبوط قلعوں میں ہو“۔

## موت کی علامتیں

آدمی کی موت اس وقت پہچانی جاتی ہے جب اس کی دونوں کنپٹیاں دھنس جائیں، اس کی ناک ٹیڑھی ہو جائے، اس کی ہتھیلیاں علیحدہ ہو جائیں، اس کے پیر ڈھیلے ہو جائیں، اس کی نگاہ چڑھ جائیے، اس کا جسم ٹھنڈا ہو جائے، اس کی سانسیں بند ہو جائے۔

## حسن خاتمہ کی علامت

۱- آدمی کا موت کے وقت کلمہ شہادت پڑھنا۔

۲- موت کے وقت مومن کی پیشانی پر پسینہ آنا۔

۳- میدان قتال میں شہادت کی موت حاصل کرنا۔

۴- اللہ کی راہ میں مورچہ پر رہتے ہوئے مرنا۔

۵- اپنے نفس یا مال یا اہل کی طرف سے دفاع کرتے ہوئے مرنا۔

۶- نمونیہ یا ٹی بی میں مرنا۔

۷-طاعون، فالج ، پیٹ کی بیماری ،ڈوب کر یا جل کر مرنا یا مکان گرنے سے ملبے کے نیچے دب کر وفات پانا۔

۹-عورت کا بچے کی پیدائش کے وقت مرجانا۔

۱۰-جمعہ کی رات یا دن میں فوت ہونا۔

## وفات کے بعد حاضرین اور رشتہ داروں کی ذمہ داریاں

جب مسلمان مرجائے تو اس کی آنکھیں بند کردی جائیں اور بند کرتے وقت یہ دعا پڑھی جائے:

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے وقت تشریف لائے تو اس وقت ان کی آنکھ کھلی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بند کردیا اور فرمایا: «إن الرّوحَ إذا قُبضَ تَبعه البصرُ» "بلا شبہ جب روح قبض کر لی جاتی ہے تو نظر اس کا پیچھا کرتی ہے" (صحیح مسلم : ۹۲۰)۔

ایک دوسری حدیث میں ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کی وفات پر تشریف لائے اور ان کی آنکھیں بند کیں تو پھر یہ دعا فرمائی: «اللهم اغفر لأبي سلمة، وارفع درجته في المهديين، واخلفه في عقبة في الغابرين، واغفر لنا وله يا رب العالمين» "اے اللہ تو ابو سلمہ کو بخش دے، اس کے درجات ان لوگوں میں بلند کردے جن کو تونے ہدایت دی ہے، اس کی قبر کشادہ کردے، اس کی قبر میں نور پیدا

کردے اور پسماندگان میں تو اس کا خلف بنا دے اور ہمیں اور اسے اے رب العالمین بخش دے" (صحیح مسلم: ۹۲۰)۔

☆پھر اس کی داڑھی کسی پٹی سے باندھ دی جائے اور اس کے جوڑوں کو آہستہ آہستہ نرم وڈھیلا کر دیا جائے اور اسے زمین سے اٹھا کر چار پائی وغیرہ پر رکھ دیا جائے اور اس کے کپڑے نکال دئے جائیں اور ایک کپڑے سے اسے ڈھانپ دیا جائے جو اس کے پورے بدن کو چھپالے۔

☆اس کا قرض جلد ادا کردیا جائے اور اس کی وصیت نافذ کردی جائے اور جلد از جلد اس کی تجہیز وتکفین کردی جائے اور اس کے جنازہ کی نماز پڑھ لی جائے، جس شہر میں اس کا انتقال ہوا ہے وہاں دفن کردیا جائے۔ دوسرے لوگوں کے لئے اس کا چہرہ دیکھنا، اس کو بوسہ لینا اور اس پر آنسو بہانا جائز ہے۔

☆میت پر اللہ تعالیٰ کا اگر کوئی حق ہے تو اس کی ادائیگی واجب ہے جیسے زکاۃ، نذر، کفارہ، حج، اسکے ورثاء کے حقوق اور دوسرے قرض پر ترجیح دی جائے کیوں کہ اللہ تعالیٰ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ اس کا قرض ادا کیا جائے۔

## احرام کی حالت میں فوت ہونے والے کا حکم

حالت احرام میں فوت ہونے والے کا چہرہ نہیں ڈھانپا جائے گا جیسا کہ عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ایک حدیث میں ہے کہ

ایک آدمی دوران احرام اپنی سواری سے گر کر فوت ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: «اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ، وَلا تُحَنِّطُوهُ وَلا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ، فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا» "ان کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دے کر دو کپڑوں میں انھیں کفن دو اور یہ بھی ہدایت فرمائی کہ انھیں خوشبو نہ لگاؤ اور نہ ان کا سر چھپاؤ۔ کیوں کہ یہ قیامت کے دن لبیک کہتا ہوا اٹھے گا" (صحیح البخاری: ۱۲۶۵)۔

## موت کے اعلان کا حکم

لوگوں کو موت کی خبر دینا مباح ہے، تاکہ لوگ اس کے جنازہ میں شرکت کریں اور خبر دینے والوں کو چاہئے کہ لوگوں سے اس کے لئے استغفار کرنے کی درخواست کریں جیسا کہ ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: «أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ نَعَى النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، وَخَرَجَ بِهِمْ إِلَى الْمُصَلَّى، فَصَفَّ بِهِمْ، وَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعَ تَكْبِيرَاتٍ» "نجاشی کا جس دن انتقال ہوا اسی دن رسول اللہ ﷺ نے ان کی موت کی خبر دی، آپ ﷺ صحابہ کے ساتھ عید گاہ گئے۔ پھر صف بندی کرائی اور چار تکبیریں کہیں"۔(صحیح البخاری: ۱۳۳۳)

البتہ فخر ومباہات کے طور پر میت کی وفات کی خبر دینا منع ہے جیسا کہ دور جاہلیت میں تھا کہ لوگ کھلے عام اعلان کرتے پھرتے تھے،اس کی وضاحت ایک حدیث میں آئی ہے جس کی روایت حذیفہ رضی اللہ عنہ کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ موت کے لئے (کھلے عام) اعلان کرنے سے منع فرمایا کرتے تھے (ترمذی: ۹۸۶) (صحیح)۔

## سوگ منانے کی شرعی حیثیت

شریعت میں عورت کے لئے اپنے بچے اور کسی اور کے انتقال پر تین دن سوگ منانا جائز ہے، اور اپنے شوہر پر چار مہینہ دس دن منانا جائز ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: «لا يَحِلُّ لامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلاثِ لَيَالٍ إِلا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا» ”کسی عورت کے لئے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہو جائز نہیں کہ وہ تین دن سے زیادہ کسی کا سوگ منائے سوا شوہر کے (کہ اس کا سوگ ) چار مہینے دس دن کا ہے“۔ (صحیح البخاری: ۵۳۳۴)

جس عورت کا شوہر فوت ہو جائے اس پر عدت کے ایام میں زیب وزینت کے ملبوسات پہننا، مہندی لگانا، سرمہ ڈالنا، زیور پہننا اور خوشبو لگانا حرام ہے اور ساتھ ہی ساتھ بے ضرورت گھر سے باہر جانا بھی جائز نہیں ہے ہاں علاج و معالجہ کے خاطر ہسپتال جانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

میت کے اقرباء صبر کریں اور انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھیں: جب میت کے اقرباء اور دوسرے لوگوں کو میت کی وفات کی خبر ملے تووہ صبر کریں اور اللہ کے فیصلے پر اپنی رضامندی کا اظہار کریں اور کہیں: (انا للہ وانا الیہ راجعون)اس کے ساتھ مصیبت زدہ یہ بھی پڑھے: «اللهم أجرني في مصيبتي، واخلف لي خيرًا منها»

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ

کو فرماتے ہوئے سنا: جس بندے کو کوئی مصیبت پہنچے اور وہ یہ دعا پڑھے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) «اللهم أجرني في مصيبتي، واخلف لي خيرًا منها» تو اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت پر اس کو اجر دے گا اور اس کو اس سے بہت عطا کرے گا۔ (صحیح مسلم: ۹۱۸)۔

## اولاد کی وفات پر صبر کی فضیلت

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: « مَا مِنَ النَّاسِ مِنْ مُسْلِمٍ يُتَوَفَّى لَهُ ثَلاثٌ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ إِلا أَدْخَلَهُ اللَّهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ» "کسی مسلمان کے اگر تین بچے مر جائیں جو بلوغت کو نہ پہنچے ہوں تو اللہ تعالیٰ اس رحمت کے نتیجے میں جو ان بچوں سے وہ رکھتا ہے مسلمان (بچے کے باپ اور ماں) کو بھی جنت میں داخل کرے گا"۔(صحیح البخاری: ۱۲۴۸)۔

## موت کے بعد اعمال منقطع ہو جاتے ہیں

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «إِذَا مَاتَ الإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ إِلا مِنْ ثَلاثَةٍ: إِلا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ، أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ» "جب انسان مرتا ہے تو اس کا عمل اس سے منقطع ہو جاتا ہے سوائے تین چیزوں کے: صدقہ جاریہ، نفع بخش علم اور صالح اولاد جو اس کے لیے دعا کرے"۔ (صحیح مسلم: ۱۶۳۱)

## اعزہ و اقارب کے لئے ممنوع امور

۱- میت پر نوحہ کرنا اور رونا و پیٹنا: میت پر نوحہ کرنا منع ہے خواہ رشتہ دار نوحہ کریں یا کوئی اور نوحہ کا مطلب ہے میت کی جدائی پر واویلا کرنا، مصیبت کے وقت گالوں پر تھپڑ مارنا گریبان پھاڑنا، سر منڈانا، اور بالوں کو بکھیرنا منع ہے۔ جیسا کہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: «أَخَذَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ عِنْدَ الْبَيْعَةِ أَنْ لا نَنُوحَ، فَمَا وَفَتْ مِنَّا امْرَأَةٌ غَيْرَ خَمْسِ نِسْوَةٍ» ”نبی اکرم ﷺ نے بیعت کے موقع پر ہم سے یہ عہد لیا تھا کہ ہم نوحہ نہیں کریں گی، لیکن اس اقرار کو ہم میں سے پانچ عورتوں کے سوا کسی نے پورا نہیں کیا“۔(صحیح البخاری : ۱۳۰۶)

ایک دوسری حدیث میں عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: «لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَطَمَ الْخُدُودَ، وَشَقَّ الْجُيُوبَ، وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ» ”جو شخص (کسی کی موت پر) اپنے چہرے کو پیٹے اور گریبان چاک کرے اور جاہلیت کی باتیں کرے وہ ہم میں سے نہیں ہیں“۔ (صحیح البخاری : ۱۲۹۴)

۲-میت کو گالی دینا: ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: «لا تَسُبُّوا الأَمْوَاتَ، فَإِنَّهُمْ قَدْ أَفْضَوْا إِلَى مَا قَدَّمُوا» ”مردوں کو گالی مت دو کیونکہ انھوں نے جو آگے بھیجا ہے (جو عمل کئے ہیں) اسے حاصل کرلیا ہے“۔(صحیح البخاری: ۱۳۹۳)

۳-تیجا اور چالیسواں کرنا: وفات کے تیسرے دن مجالس سجانا، طرح طرح کے کھانے پکواکر لوگوں کو مدعو کرنا، میت کی طرف سے میلاد کا اہتمام کرنا،یہ سب بدعت ہے اور یہ سب کام ان حضرات کے ایجاد کردہ ہیں جو حقیقت میں اسلام سے جاہل ہیں اور چونکہ ان تمام رسم و رواج کا تعلق بدعات و خرافات سے ہے اس لئے یہ مردود ہے۔جیسا کہ ایک حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہماری مہر نہ ہو تو وہ مردود ہے۔

اور رہا مسئلہ چالیسواں کا تو حقیقت میں یہ عادت فرعونیہ ہے جو اسلام سے پہلے فراعنہ میں پائی جاتی تھی، پھر وہیں سے یہ پھلتی پھولتی دوسروں میں سرایت کرگئی، یہ منکر بھی بدعت ہے جس کی اسلام میں کوئی اصل اور دلیل نہیں ہےاور نبی کریم ﷺ کا یہ فرمان بھی اس کا رد کرتا ہے کہ جس نے ہمارے اس دین میں کوئی ایسا کام ایجاد کیا جو اس میں سے نہیں ہے تو وہ مردود ہے۔ (فتاوی اللجنہ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء: ۹/ ۱۵۳)۔

۴-اظہار غم میں بال منڈوانا: ابو بردۃ بن ابو موسی رضی اللہ عنہما کا بیان ہے:

«وَجِعَ أَبُو مُوسَى وَجَعًا شَدِيدًا، فَغُشِيَ عَلَيْهِ، وَرَأْسُهُ فِي حَجْرِ امْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِهِ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَرُدَّ عَلَيْهَا شَيْئًا، فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ: أَنَا بَرِيءٌ مِمَّنْ بَرِئَ مِنْهُ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ بَرِئَ مِنَ الصَّالِقَةِ وَالْحَالِقَةِ وَالشَّاقَّةِ» "ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیمار پڑے، ان پر غشی طاری تھی اور ان کا سر ان کی ایک بیوی ام عبد اللہ بنت ابی رومہ کی گود میں

تھا (وہ ایک زور کی چیخ مار کر رونے لگی) ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ اس وقت کچھ بول نہ سکے لیکن ان کو ہوش ہوا تو انھوں نے کہا: میں بھی اس کام سے بیزار ہوں جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیزاری کا اظہار فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (کسی غم کے وقت) چلا کر رونے والی، سر منڈوانے والی اور گریبان چاک کرنے والی عورتوں سے اپنی بیزاری کا اظہار فرمایا تھا۔ (صحیح البخاری: ۱۲۹۶)

۵- مردوں پر فاتحہ خوانی کروانا: یہ بدعت ہے، کتاب وسنت میں اس کی کوئی دلیل نہیں، لہذا اس سے اجتناب کرنا واجب ہے، کیونکہ عبادات میں اصل ممانعت اور حرمت ہے یعنی انسان خود سے کوئی عبادت نہیں کر سکتا سوائے اس کے جس کا حکم دیا گیا ہے، ہاں اگر اس کے ثبوت میں کوئی دلیل قائم ہو جائے تو اس پر عمل کیا جائے گا۔ (فتاوی اسلامیہ ۲/ ۵۲)۔

۶-مردوں کے لئے قرآن خوانی کرانا: اس نیت سے قرآن کی تلاوت کرنا کہ اس کا ثواب میت کو پہنچے گا جائز نہیں، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق کوئی ثبوت منقول نہیں، یہ بات بھی معروف ہے کہ صحابہ کرام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کرتے رہے، وہ مردوں کے لئے زیارت کے وقت دعا بھی کرتے لیکن ان سے یہ بالکل ثابت نہیں کہ انہوں نے کبھی مردوں کے لئے قرآن کی قرات کی ہو، لہذا مردوں کے لئے قرآن خوانی بدعت ہے۔ (فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء:۹، ۴۸-۴۹)۔

۷- میت کو مرحوم کے لقب سے پکارنا: میت کو مرحوم یعنی رحم کیا گیا کے لقب سے پکارنا جائز نہیں، بلکہ صحیح طریقہ یہ ہے، رحمہ اللہ

کہنا یعنی اس پر اللہ رحم کرے، یہ کلمہ دعائیہ ہے اور پہلا کلمہ خبریہ ہے جس سے یہ پتہ چل رہا ہے کہ میت پر رحم کردیا گیا ہے حالانکہ اس کی حقیقت کا علم صرف اللہ کے پاس ہی ہے ، بعینہ اسی طرح کلمہ ”مغفورلہ“ ہے، یعنی جسے بخش دیا گیا ہے۔ صحیح یہ ہے ”غفر اللہ لہ“ اللہ تعالی اسے بخش دے (فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء: ۹/ ۱۴۱)۔

۸-بغرض تشہیر وفات کا اعلان لاؤڈ اسپیکر سے بازاروں میں کرانا: اس طرح کا اعلان ”نعی“ میں شامل ہے شریعت میں جس کی ممانعت ہے۔جیسا کہ حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نعی سے منع فرماتے تھے (سنن الترمذی : ۹۸۶) صحیح۔

۹- میت کے سرھانے قرآن رکھنا: میت کے جسم پر یا نزاع کے عالم میں اس کے سرھانے قرآن رکھنا بدعت ہے،ایسے ہی میت کے پیٹ پر تلوار یا کوئی وزنی لوہا رکھنا جس سے اس کا پیٹ نہ پھولے یہ بھی درست نہیں ہے شریعت تجہیز و تکفین میں جلدی کا حکم دیتی ہے اور اگر اس کا خدشہ ہو تو لاش کو فریزر میں رکھنا بہتر ہے ۔

۱۰- ملک الموت کا نام ازرائیل رکھنا: لوگوں میں یہ بات بڑی مشہور ہے کہ موت کے فرشتے کا نام ازرائیل ہے، یہ ایسی بات ہے جس کی شریعت میں کوئی اصل ہی نہیں ہے ، بلکہ یہ اسرائیلی روایات کا شاخسانہ ہے، صرف پانچ فرشتوں کے نام دلیلوں سے ثابت ہیں اور وہ یہ ہیں : جبریل، اسرافیل، میکائیل، مالک اور رضوان۔

# فوت شدہ شخص کی لاش کے پوسٹ مارٹم کی شرعی حیثیت

چند مقاصد کے پیش نظر لاش کا پوسٹ مارٹم کرنا جائز ہے جن کی تفصیل درج ذیل سطور میں ملاحظہ فرمائیں:

۞ جب قاضی کے لئے وفات کی وجوہات کی معرفت مشکل ہو جائے کہ موت فطری تھی یا کسی مجرمانہ حرکت کے پیش نظر ہوئی ہے اور اس کی معرفت کا واحد حل پوسٹ مارٹم ہے تو ایسی صورت میں ایک مسلمان کے بدن کا پوسٹ مارٹم جائز ہے اور اگر لاش کسی عورت کی ہو تو عورت ڈاکٹر ہی اس کا پوسٹ مارٹم کرے،عورت ڈاکٹر نہ ہونے کی صورت میں مرد ڈاکٹر پوسٹ مارٹم کر سکتے ہیں۔

۞وبائی مرض معلوم کرنا ہو تو مسلمان کے بدن کا پوسٹ مارٹم جائز ہے، کیونکہ یہ عام لوگوں کے امن وسلامتی اور فائدے کے لیے ہے اور امت کو پھیلنے والی بیماریوں سے بچایا جاتا ہے۔

۞ اگر تعلیم وتعلم کے لئے پوسٹ مارٹم کرنا ہے تو مسلمان کی لاش کے بجائے غیر مسلم کی لاش استعمال کی جائے الا یہ کہ اس کی ضرورت ہو اور شروط کا خیال کیا جائے کیونکہ مسلمان زندہ اور مردہ دونوں حالتوں میں محترم ہے، طبی تعلیم کے وقت جسم کے کاٹے گئے تمام اجزاء کا دفن کرنا واجب ہے ۔

## ﴿مرنے کے بعد میت کے اعضاء کا ہدیہ کرنا﴾

مسلمان جیسے اپنی زندگی میں محترم و باوقار ہے اسی طرح وہ اپنی موت کے بعد بھی باعزت ہے، جیسا کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: «كَسْرُ عَظْمِ الْمَيِّتِ، كَكَسْرِهِ حَيًّا». "مرنے والے کی ہڈی توڑنا زندہ کی ہڈی توڑنے کی مانند ہے"۔ (سنن ابي داود :۳۲۰۹، صحیح)

گرچہ یہ مسئلہ علماء کے درمیان مختلف فیہ ہے۔ لیکن مذکورہ حدیث کے مفہوم کے پیش نظر امام ابن باز رحمہ اللہ نے اسے ناجائز قرار دیا ہے اور فرماتے ہیں کہ اس میں میت کے اعضاء کے ساتھ کھلواڑ اور اس کی توہین ہے۔ (من احکام الجنائزلابن باز، ص: ۴۷)۔

# میت کے غسل کے متعلق احکام ومسائل

زندہ افراد پر مسلمان میت کو غسل دینا واجب ہے: میت کے غسل کے وجوب کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا حکم متعدد احادیث میں موجود ہے مسئلہ کی وضاحت کے لئے ایک ہی حدیث کے ذکر پر اکتفا کرتا ہوں، جس محرم کو اس کی اونٹنی نے روند ڈالا تھا اس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: «اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ» "اسے پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو"۔ (صحیح البخاری:۱۲۶۵)

## غسل دینے والوں کو دوران غسل چند امور کا خیال رکھنا ضروری ہے

۱- غسل تین یا اس سے زیادہ بار دینا چاہیئے، یہ غسل دینے والوں کی مرضی پر ہے۔

۲-غسل طاق عدد (ایک یا تین یا پانچ)میں دیا جائے۔

۳-کسی ایک مرتبہ پانی کے ساتھ بیری کے پتے یا صابن و شمپو وغیرہ کا استعمال کرنا چاہیئے تاکہ صفائی اچھی طرح ہو جائے۔

۴- غسل دیتے وقت آخری مرتبہ پانی میں کچھ خوشبو ملادینی چاہئے ، اگر کافور ہو تو بہتر ہے ۔

۵- عورت ک بالوں کی مینڈھیاں کھول کر اچھی طرح دھونی چاہئے ۔

۶- بالوں میں کنگھی کی جائے ۔

۷- عورت کے بالوں کی تین مینڈھیاں بناکر پیچھے ڈال دینی چاہئے ۔

۸- غسل دائیں طرف سے اور وضو کی جگہوں سے شروع کیا جائے۔

۹- مردوں کو مرد اور عورتوں کو عورتیں غسل دیں، ہاں اگر کوئی استثنائی صورت ہو تو اس کی بات اور ہے ۔

## میاں بیوی ایک دوسرے کو کیا غسل دے سکتے ہیں؟

میاں بیوی ایک دوسرے کو غسل دینے کے زیادہ مستحق ہیں۔ جیسا کہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں فرمایا: «لو متُّ قَبلي، فقمت عليكَ، فغسلتكَ» ”اگر تو مجھ سے پہلے فوت ہو گئی تو میں تمہیں غسل دوں گا“ (سنن ابن ماجہ: ۱۴۶۵) صحیح۔

ایک دوسری روایت میں یوں مروی ہے، عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر مجھے اپنے اس معاملے کا علم پہلے ہو جاتا کہ جس کا مجھے تاخیر سے علم ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صرف آپ کی بیویاں ہی غسل دیتیں (ابوداود: ۳۱۴۱) صحیح۔

اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے وصیت کی انہیں علی رضی اللہ عنہ غسل دیں، چنانچہ علی رضی اللہ عنہ نے ہی فاطمہ رضی اللہ عنہا کو غسل دیا (دارقطنی: ۲ /۷۹، حسن)۔

عبد اللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا جو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں، انہوں نے ابو بکر رضی اللہ عنہ کو وفات کے بعد غسل دیا، پھر انہوں نے وہاں موجود مہاجرین صحابہ کرام سے دریافت کیا کہ آج سخت سردی ہے کیا مجھ پر غسل ضروری ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ نہیں۔ (موطا، کتاب الجنائز، باب غسل المیت)۔

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: عورت کو غسل دینے اور اس کی نماز جنازہ پڑھنے کا لوگوں میں سب سے زیادہ مستحق اس کا شوہر ہے (عبدالرزاق: ۶۱۲۴)۔

فائدہ: امام شوکانی کی رائے کے مطابق علی رضی اللہ عنہ اور اسماء رضی اللہ عنہا کے اس عمل پر جب صحابہ نے کوئی انکار نہیں کیا تو اجماع (کی مانند) ہے امام ابن باز رحمہ اللہ فرماتے ہیں: شرعی دلائل نے یہ ثابت کردیا ہے کہ بیوی اگر اپنے شوہر کو غسل دے اور اس کے قابل ستر اعضاء کو دیکھ لے تو اس پر کوئی حرج نہیں اور اسی طرح مرد اگر اپنی بیوی کو غسل دے اور اس کے قابل ستر اعضاء کو دیکھ لے تو اس پر بھی کوئی حرج نہیں۔(فتاوی اسلامیہ: ۲ /۲۵)۔

معلوم یہ ہوا میاں و بیوی موت کے بعد بھی رشتہ کے بندھن میں بندھے ہوتے ہیں موت ان کے رشتہ کو متاثر نہیں کرسکتی،لہذا یہ کہنا کہ موت کے بعد طلاق واقع ہو جاتی ہے یہ بات حدیث کے بالکل مخالف ہے۔یہی وجہ ہے کہ ائمہ ثلاثہ اور جمہور فقہائے اسلام کا کہنا ہے کہ میاں بیوی ایک دوسرے کو غسل دے سکتے ہیں ۔

## میت کے غسل کی کیفیت

جب میت کو نہلانے کا ارادہ کرے تو اسے غسل کی چار پائی پر رکھے، پھر اس کی شرم گاہ پر پردہ ڈال دے، پھر اس کے کپڑے نکال لے پھر اس کا سر اس کے بیٹھنے کی پوزیشن تک اٹھائے پھر اس کا پیٹ آہستہ آہستہ دبائےاور خوب پانی ڈالے پھر اپنے ہاتھوں میں کوئی کپڑا یا دستانہ لپیٹ لے۔ اور اس کو صاف کردے۔ پھر اس کے غسل کی نیت کرےاور اپنے ہاتھوں پر دوسرا کپڑا باندھ کر اس کو نماز کے وضو کی طرح وضو کرائے لیکن اس کے منہ اور ناک میں پانی نہ ڈالے، بلکہ اپنی انگلیاں ترکرکے اس کے منہ اور ناک میں ڈالے،پھر پانی اور بیری کے پتے سے یا صابون سے نہلائے، سب سے پہلے سر اور داڑھی دھوئے پھر اس کا دایاں پہلو گردن سے پیر تک دھوئے، پھر اس کو اس کے بائیں پہلو کے بل کردے اور اس کی پیٹھ کا دایاں حصہ دھوئے، پھر اس کا بایاں حصہ اسی طرح دھوئے، پھر پہلے غسل کی طرح اسے دوبارہ غسل دےاور اگر صاف نہ ہو تو طاق مرتبہ مزید نہلائے یہاں

تک کہ وہ صاف ہو جائے اور آخری مرتبہ پانی کے ساتھ کافور یا خوشبو ملا کر نہلائے اور اگر اس کی مونچھ لمبی ہو یا ناخن لمبے ہوں تو اسے کاٹ دیا جائے، پھر اس کا بدن ایک کپڑے سے پونچھ دیا جائے اور عورت کے بال کی تین لٹیں کردی جائیں اور پیچھے سے انہیں لٹکا دیا جائے اور غسل کے بعد اس کے بدن سے کوئی چیز نکلے تو اس جگہ کو دھو دے اور اس کو وضو کرادے اور اس جگہ روئی بھر دے۔

## غسل کے مسائل

☆سنت یہ ہے کہ میت کو وہ شخص نہلائے جو غسل کی سنت لوگوں میں سب سے زیادہ جاننے والا ہو۔ اگر وہ اللہ کی خوشنودی کے لئے میت کو نہلائے اس کی پردہ پوشی کرے اور اگر کوئی مکروہ چیز دیکھے تو اسے لوگوں سے بیان نہ کرے۔ تو اس کے لئے بہت بڑا اجر ہے۔

☆ بہتر یہ ہے کہ میت کو وہ شخص نہلائے جس کو وہ وصیت کرگیا ہو، پھر اس کا باپ پھر اس کا دادا پھر جو رشتہ داروں میں سب سے قریبی ہو وہ اور عورت کو وہ عورت نہلائے جس کو اس نے وصیت کی ہو، اس کی ماں پھر اس کی دادی پھر اس کے رشتے داروں میں جو سب سے قریبی ہو اور شوہر اور بیوی ایک دوسرے کو نہلا سکتے ہیں۔ میت چاہے مذکر ہو یا مونث اس کو ایک مرتبہ غسل دینا کافی ہے اور یہ غسل پورے بدن کا ہونا چاہیئے۔

☆میت کو غسل دینے والا میت کے غسل کے وقت حاضر ہو جائے اور وہ لوگ حاضر ہو جائیں جو غسل پر اس کی مدد کر سکیں اور بقیہ لوگوں کو اس کے پاس نہیں جانا چاہیے۔

☆اگر مسلمان کفار ایک ساتھ مریں مثلاً جل کر یا کسی اور حادثے میں اور ان کے درمیاں تمیز کرنا مشکل ہو تو ان سب کو غسل دیا جائے کفن اگر پہنایا جائے۔

☆جس کی عمر سال سال ہو اس کو مرد اور عورت دونوں نہلا سکتے ہیں۔ چاہے میت مذکر ہو یا مونث

☆اور اگر کوئی مر داجنبی عورتوں کے درمیان مر جائے یا کوئی عورت اجنبی مردوں کے درمیان مرجائے یا اس کا نہلانا دشوار ہو تو بغیر غسل کے اس کے جنازہ کی نماز پڑھ لی جائے اور اس کو دفن کردیا جائے۔

☆جہاد میں جو شخص شہید ہوا ہے اسے غسل نہیں دیا جائے گا اور بقیہ شہداء ( جن پر شہید کا لفظ بولا گیا ہے) کو غسل دیا جائے گا۔

☆مسلمان کے لئے کسی کافر کو نہلانا یا کفن پہنانا یا اس کے جنازے کے پیچھے پیچھے چلنا یا اس کے جنازے کی نماز پڑھنا یا اس کو دفن کرنا منع ہے البتہ اگر اس کے اقارب موجود نہ ہوں تو اس کے بدن کو مٹی میں چھپا دے اور یہی معاملہ مرتد کے ساتھ بھی کرے۔

☆میت کے غسل دینے والے کے لئے مستحب ہے کہ وہ غسل کرے۔

☆میت کے مسواک کرانے کی کوئی دلیل نہیں ۔

☆اگر فوت شدہ شخص کے سونے یا چاندی کے دانت لگے ہو ں اور وہ بآسانی نکل سکتے ہوں تو نکال لینا چاہیے اور اگر مشکل ہو تو انہیں ان کے حال پر چھوڑنے میں کو ئی حرج نہیں ہے ۔

☆میت کی مو نچھیں اورناخن کاٹنا مستحب ہے ۔(مجموع فتاوی لابن باز: ۱۳/ ۱۱۴)

☆حائضہ عورت عورتوں کو غسل دے سکتی ہے اور انہیں کفن بھی پہنا سکتی ہےاور مردوں میں سے صرف وہ اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے۔ اس امور میں حیض کو رکاوٹ تسلیم نہیں کیا جائے گا۔

# میت کی تکفین

میت کو اس کے مال سے کفن دینا واجب ہے اور اگر اس کے پاس مال نہیں ہے تو جس پر اس کا نفقہ لازم ہے چاہے وہ اصول ہوں یا فروع ان پر واجب ہے۔

## میت کو کفن پہنانے کا طریقہ

میت کو تین لپیٹنے والے سفید کپڑوں میں کفن دیا جائے، اسے تین مرتبہ خوشبو سے دھونی دی جائے پھر بعض کو بعض پر بچھا دیا جائے پھر ان کپڑوں پر خوشبو ملی جائے، پھر میت کو اس پر چت لٹایا جائے اور روئی میں خوشبو لگا کر اس کے دونوں کولھوں کے درمیان رکھ دیا جائے اور اس کے اوپر چھوٹے پائجامہ کی شکل میں ایک کپڑا باندھ دیا جائے جس سے اس کی شرم گاہ چھپی رہے۔ پھر اس کے پورے بدن میں خوشبو ملی جائے پھر اوپر والا کپڑا بائیں طرف سے اس کے دائیں پہلو پر لایا جائے پھر دایاں کنارہ اس کے بائیں پہلو پر لایا جائے، پھر دوسرا کپڑا بھی اسی طرح لپیٹا جائے پھر تیسرا کپڑا بھی اسی طرح لپیٹا جائے اور جو فاضل ہو اسے سر کے پاس یا پیر کے اوپر دونوں کے

پاس کر دیا جائے، پھر اسے باندھ دیا جائے تاکہ نہ کھلے اور اسے قبر میں کھولا جائے، اور عورت کو بھی مرد ہی کی طرح کفن دیا جائے البتہ بچے کو ایک کپڑے میں کفن دیا جائے اور تین کپڑوں میں بھی جائز ہے۔ جیسا کہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: «كُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ يَمَانِيَةٍ بِيضٍ سَحُولِيَّةٍ مِنْ كُرْسُفٍ لَيْسَ فِيهِنَّ قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ» "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین کچے سوت والے سفید سوتی یعنی کپڑوں میں کفن دیئے گئے ان میں نہ قمیص تھا نہ عمامہ"۔ (صحیح البخاری: ۱۲۶۴، مسلم: ۹۴۱)

## مرد اور عورت کے کفن میں کوئی فرق نہیں

علامہ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تجہیز و تکفین کے مسائل میں عورت بھی مرد کی طرح سے ہے کیونکہ ان میں فرق کی شریعت میں کوئی دلیل موجود نہیں ہے اور لیلی بنت قائف ثقفیہ کی جس روایت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی کو پانچ کپڑوں میں کفن دینے کا ذکر ہے اس کی سند صحیح نہیں ہے، کیونکہ اس سند میں نوح بن حکیم ثقفی راوی مجہول ہے جس کی صراحت امام ابن حجر نے کیا ہے اور ساتھ ہی اس میں ایک دوسری علت بھی ہے جسے امام زیلعی نے (نصب الرایہ: ۲/ ۲۵۸) میں بیان کیا ہے ۔

اور اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی زینب کو غسل دینے کے قصے میں جو ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ "ہم نے اسے پانچ کپڑوں میں کفن دیا" وہ شاذ اور منکر ہے، مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں (الضعیفة: ۵۸۴۴)۔

## تکفین کے مسائل

☆میت کو ایک کپڑے میں کفن دینا جائز ہے جو اس کے پورے بدن کو چھپالے۔

☆سفید رنگ کے کپڑے میں کفن دینا مستحب ہے ۔

☆اگر کفن کم ہوں اور مردوں کی تعداد زیادہ ہوتو ایک کفن میں زیادہ مردے بھی دفن کئے جاسکتے ہیں ۔

☆جو شخص جہاد میں شہادت کی موت مرے اسے اسی کپڑے میں دفن کیا جائے جس میں وہ شہید کیا گیا ہے اور اسے غسل نہ دیا جائے اور اسے اس کے کپڑے کے اوپر سے ایک یا زیادہ کپڑوں میں کفن مستحب ہے۔

☆جہاد میں شہید ہونے والوں کے لئے امام کو اختیار ہے چاہے وہ ان کے جنازہ کی نماز پڑھائے یا نہ پڑھائے لیکن نماز پڑھنا افضل ہے۔

☆ اور ان کو اسی جگہ دفن کیا جہاں ان کی موت واقع ہوئی ہے۔

☆احرام باندھنے والا اگر مر جائے تو اسے پانی اور بیری سے یا صابن سے غسل دیا جائے لیکن اسے خوشبو نہ لگائی جائے اور نہ سلا ہوا کپڑا پہنا جائے اور اگر وہ مرد ہے تو اس کا سر اور چہرہ نہ ڈھانپا جائے اور نہ عورت کا چہرہ ڈھانپا جائے اس لئے کہ وہ قیامت کے دن اسی حالت میں تلبیہ کہتے ہوئے اٹھے گا اور اس کی طرح بقیہ حج کے ارکان کی قضا

نہ کی جائے اور اسے انہیں دونوں کپڑوں میں کفن دیا جائے جن میں اس کی وفات ہوئی ہے۔

☆اگر بچہ ماں کے پیٹ سے وقت سے پہلے گر جائے اور مر جائے تو اگر وہ چار مہینے کا ہوگیا ہے تو اسے غسل دیا جائے، کفن پہنایا جائے اور اس کے جنازہ کی نماز پرھی جائے۔

☆جس شخص کو نہلانا دشوار ہو مثلا جل گیا ہے یا اس کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے ہیں یا پانی نہ ہو تو اسے کفن پہنایا جائے اور اس کے جنازہ کی نماز پڑھی جائے اور اگر میت کے بعض اجزاء ہی پائے جائیں مثلا ہاتھ یا پیر وغیرہ اعضاء بکھر گئے ہوں اور ان کا پانا دشوار ہو تو اس کے جنازہ کی نماز پڑھی جائے۔

☆اگر کفن دینے کے بعد میت کے جسم سے کوئی نجاست نکلے تو اسے دوبارہ غسل نہ دیا جائے کیونکہ اس میں پریشانی ہے۔

☆کسی پیر یا ولی کے لباس کا کفن مردے کو عذاب سے نہیں بچائے گا۔

☆مہنگا کفن استعمال کرنا جائز نہیں اور نہ ہی تین کپڑوں سے زیادہ ۔

# صلاۃ جنازہ کے مسائل و احکام

جنازہ میں شرکت کرنے اور میت کے پیچھے پیچھے چلنے میں بہت سے فوائد ہیں، ان میں سب سے اہم یہ ہیں کہ جنازہ کی نماز پڑھنے کی وجہ سے میت کا حق ادا ہو جاتا ہے، اس کے لئے سفارش اور دعا کی جاتی ہے، اس کے گھر والوں کا حق بھی ادا ہو جاتا ہے، ان کی دلجوئی ہو جاتی ہے، جنازہ میں شرکت کرنے والے کے لئے بہت ثواب ہے، دیکھنے والوں کو اس سے عبرت حاصل ہوتی ہے۔

جنازہ کی صلاۃ فرض کفایہ ہے بہتر یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس میں شرکت کریں۔

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: «مَا مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ يَمُوتُ، فَيَقُومُ عَلَى جَنَازَتِهِ أَرْبَعُونَ رَجُلا لا يُشْرِكُونَ بِاللَّهِ شَيْئًا، إلا شَفَّعَهُمْ اللَّهُ فِيهِ» "جو مسلمان مر جائے اور اس کے جنازہ میں چالیس ایسے آدمی شرکت کریں جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتے ہوں تو اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں ان لوگوں کی سفارش قبول کرے گا"۔ (صحیح مسلم: ۹۴۸)

## صلاۃ جنازہ کی کیفیت

جو جنازہ کی صلاۃ پڑھنا چاہے وہ پہلے وضو کرے، پھر قبلہ کی طرف رخ کرےاور جنازہ اپنے اور قبلے کے درمیان کرلے، سنت یہ ہے کہ امام مرد میت کے سر کے پاس کھڑا ہو اور اگر میت عورت ہے تو اس کے جسم کے وسط حصہ کے پاس کھڑا ہواور چار مرتبہ تکبیر کہے اور کبھی پانچھ یا چھ یا سات یا نو مرتبہ تکبیر کہے خاص طور سے اگر اہل علم وفضل متقی وپرہیز گار اور نیک لوگوں کے جنازے کی صلاۃ پڑھے، کبھی یہ کرلے کبھی وہ کرلے تاکہ سنت زندہ ہو۔

تکبیر اولیٰ کے وقت اپنے ہاتھوں کو مونڈھوں تک یا کانوں کے اوپر کے حصے تک اٹھائے، پھر اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھ کر سینے پر نیت باندھے :

اس بارے میں کئی صحیح مشہور حدیثیں ہیں، ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے والی حدیث بالاتفاق ضعیف ہے جیسا کہ امام نووی اور امام زیلعی حنفی رحمہا اللہ اور دوسرے علماء نے بیان فرمایا ہے ) لیکن دعا ثنا نہ پڑھے بلکہ: اعوذ با اللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمن الرحیم اور سورہ فاتحہ سراً پڑھے اور اس کے ساتھ کوئی سورت بھی پڑھے۔

پھر دوسری بار اللہ اکبر کہے اور یہ درود پڑھے: «اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ

مَجِيدٌ، اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ» (صحیح البخاری: ۳۳۷۰، مسلم: ۴۰۶)

پھر تیسری بار اللہ اکبر کہے اور اخلاص کے ساتھ وہ دعائیں پڑھے جو حدیث میں ہیں ان میں بعض دعائیں یہ ہیں: «اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا، وَمَيِّتِنَا، وَصَغِيرِنَا، وَكَبِيرِنَا، وَذَكَرِنَا، وَأُنْثَانَا، وَشَاهِدِنَا، وَغَائِبِنَا، اللَّهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الإِيمَانِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الإِسْلاَمِ، اللَّهُمَّ لاَ تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ، وَلاَ تُضِلَّنَا بَعْدَهُ». ”اے اللہ ! ہمارے زندوں اور مردوں، حاضر وغائب چھوٹوں اور بڑوں، مذکر اور مؤنث کو بخش دے، اے اللہ ہم میں سے جس کو تو زندہ رکھ اس کو اسلام پر زندہ رکھ اور جس کو وفات دے اسے ایمان پر وفات دے اے اللہ ! تو ہمیں ایمان کے اجر سے محروم نہ کر اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کر“۔ (ابو داود: ۳۲۰۱، ابن ماجہ: ۱۴۹۸) (صحیح)

«اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، وَارْحَمْهُ، وَعَافِهِ، وَاعْفُ عَنْهُ، وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ، وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ، وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ، وَأَهْلا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ، وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ، وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ»

”اے اللہ! تو اسے بخش دے، اس پر رحم کر اس کو عافیت دے اور اس کے گناہوں کو در گزر کر دے۔ اس کی اچھی طرح مہمانی کر، اس کی قبر کو کشادہ کردے، اسے پانی اولے اور برف سے دھو دے، اس کی غلطیوں کو ایسے ہی معاف کردے جیسے تو نے سفید کپڑا میل سے صاف کیا

ہے۔ اس کو اس کے (دنیا کے) گھر سے بہتر گھر عطا کر اور اس کی بیوی سے بہتر بیوی عطا کر اور اسے جنت میں داخل کر اور اسے عذاب قبر یا عذاب جہنم سے بچا"۔(صحیح مسلم :۹۶۳)

«اللَّهُمَّ إِنَّ فُلاَنَ بْنَ فُلاَنٍ فِى ذِمَّتِكَ فَقِهِ فِتْنَةَ الْقَبْرِ». قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، «فِى ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ، فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ النَّارِ، وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَمْدِ، اللَّهُمَّ فَاغْفِرْ لَهُ، وَارْحَمْهُ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ» "اے اللہ ! فلاں بن فلاں تیرے ذمے اور پڑوس میں ہے، پس تو اسے قبر کے فتنے اور عذاب جہنم سے بچا لے تو اہل وفا، اور حق ہے، پس تو اسے بخش دے، اس پر رحم کر، بیشک تو معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے"۔( ابو داود : ۳۲۰۲،ابن ماجہ :۱۴۹۹) (صحیح)

اور اگر میت چھوٹی عمر کا ہو تو یہ اضافہ کرے: «اللهم اجعله لنا سلفا، وفرطا، وأجرا» "اللہ! اس کو ہمارے لئے اجروذخیرہ بنا جو ہم سے پہلے پہنچ جائے"۔ (بیہقی : ۶۷۹۴ملاحظہ ہو شیخ البانی کی کتاب احکام الجنائز: ۱۶۱)

پھر چوتھی بار اللہ اکبر کہے اور تھوڑی دیر ٹھہر کر دعا کرے، پھر اپنے دائیں جانب ایک مرتبہ سلام پھیرےاور اگر کبھی بائیں جانب بھی دوسرا سلام پھیرے تو کوئی حرج نہیں۔

## ہر تکبیر کے ساتھ ہاتھ اٹھانے کا حکم

امام البانی رحمہ اللہ کی ترجیح یہی ہے کہ صرف پہلی تکبیر پر ہاتھ اٹھائے جائیں اور ان کی دلیل سنن ترمذی کی حدیث ہے : «أن رسول

الله ﷺ كبر على جنازة، فرفع يديه في أول تكبيرة» ”رسول اللہ ﷺ نے جنازے پر تکبیر کہی اور پہلی تکبیر پر ہاتھ اٹھائے“ (سنن الترمذی :۱۰۷۷)۔

سنن الدارقطنی کی ایک روایت میں یوں ہے : أن رسول الله ﷺ كان يرفع يديه على الجنازة في أول تكبيرة، ثم لا يعود ”رسول اللہ ﷺ جنازہ میں پہلی تکبیر میں ہاتھ اٹھاتے تھے اور بعد میں ایسا نہیں کرتے تھے“ (۷۵/۲)۔

اوپر ذکر کردہ حدیث سے معلوم ہوا کہ صرف پہلی تکبیر کے ساتھ ہاتھ اٹھانا صحیح ہے، دوسری طرف چند جلیل القدر صحابہ کا عمل ہے جسے امام بیہقی نے السنن الکبری (۴۴/۴) میں صحیح سندوں کے ساتھ ذکر کیا ہے، جیسے:عبداللہ بن عمر اورانس بن مالک رضی اللہ عنہم ہر تکبیر کے ساتھ ہاتھ بلند کرتے تھے ، نیز تابعین میں سے سعید بن المسیب اور عروۃ بن الزبیر رحمہا اللہ کا بھی یہی عمل تھا ، ان کے علاوہ قیس بن ابی حازم ، عطا بن ابی رباح ،عمربن عبدالعزیز ، حسن البصری اور محمد بن سیرین بھی ہاتھ اٹھانے کے قائل تھے ۔

یہی نہیں امام ترمذی نے یہ بھی نقل کیاہے کہ صحابہ کرام میں سے اہل علم جنازے کی ہر تکبیر کے ساتھ ہاتھ اٹھانے کے قائل تھے، چنانچہ عبداللہ بن مبارک، امام شافعی، امام احمد اور امام اسحاق کا بھی یہی فتوی ہے ۔

ان دلائل کو سامنے رکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر دو شکل جائز ہے ، چاہے صرف پہلی تکبیر پر ہاتھ اٹھائے یا چاہے تو تمام تکبیرات کے ساتھ ہاتھ اٹھائے، اللہ اعلم بالصواب۔

# صلاۃ جنازہ کے مسائل

☆ جس کی کوئی تکبیر چھوٹ جائے اور وہ اس کی صفت کے مطابق قضا کرے اور اگر قضا نہیں کیا اور امام کے ساتھ سلام پھیر دیا تو اس کی نماز ان شاء اللہ صحیح ہو گی۔

☆سنت یہ ہے کہ جنازہ کی نماز جماعت سے پڑھی جائے اور تین صفوں سے کم نہ ہو ،اور اگر کئی جنازے ہوں تو امام سے قریب مردوں کو رکھا جائے، پھر بچوں کو پھر عورتوں کو اور سب کے لئے ایک نماز پڑھی جائے اور ہر جنازہ کے لئے الگ الگ نماز پڑھنا بھی جائز ہے۔

☆جنازہ کی نماز میں دعا میت کے اعتبار سے پڑھی جائے پس اگر میت مرد ہے تو اس کے لئے وہی دعا پڑھی جائے گی جیسا کہ اوپر بیان کیا جاچکا ہے اور اگر عورت ہے تو اس کے لئے مؤنث کی ضمیر استعمال کی جائے اور اگر کئی جنازے ہوں تو جمع کی ضمیر استعمال کی جائے اور اگر عورتیں ہوں تو جمع کی وہ ضمیر استعمال کی جائے جو مؤنث کے لئے جیسے: «اللهم اغفر لهن» اور اگر پہلے سے یہ نہ جان سکے کہ مذکر ہے یا مؤنث تو«اللهم اغفر له»یا «اغفرلها» کہہ سکتا ہے۔

☆جو لوگ میدان میں شہید ہو کر مریں ان کے بارے میں امام کو اختیار ہے چاہے ان کے جنازے کی نماز پڑھے یا نہ پڑھے لیکن پڑھنا افضل ہے، ان کو اسی جگہ دفن کردیا جائے جہاں وہ شہید کئے گئے ہیں اور وہ دوسرے شہداء مثلا جو ڈوب کر مریں یا جل کر مریں انہیں غسل دیا جائے اور کفن پہنایا جائے اور ان کے جنازے کی نماز پڑھی جائے۔

☆مسلمان کے جنازہ کی نماز پڑھنی چاہیۓوہ نیک ہو یا برا البتہ نماز چھوڑنے والے کے لئے جنازہ کی نماز نہیں پڑھی جائے گی۔

☆جو خودکشی کرلے یا جس نے مال غنیمت میں خیانت کی ہو تو امام یا اس کا نائب زجروتوبیخ کے طور پر ان کے جنازے کی نماز نہ پڑھیں اور بقیہ لوگ پڑھ لیں۔

☆جس مسلمان پر کوئی حد قائم کی گئی ہو جیسے رجم یا قصاص وغیرہ اسے غسل دیا جائے گا اور اس کے جنازہ کی نماز پڑھی جائے گی۔

☆سنت یہ ہے کہ آدمی ایمان رکھ کو ثواب کی نیت سے جنازہ کے پیچھے پیچھے جائے یہاں تک کہ اس کی نماز پڑھ لی جائے اور اسے دفن کر دیا جائے۔

☆جنازہ کے پیچھے جانے کا حکم صرف مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے نہیں۔

☆ جنازہ کے ساتھ کوئی آتش بازی اور آواز نہ کی جائے اور نہ کوئی قرأت وذکر ہے۔

☆اگر کوئی شخص مر جائے اور تم اس کے جنازے کی نماز میں شرکت کرنے کی اہلیت رکھتے ہو اور اس کے مخاطب ہو لیکن تم نے نماز نہیں پڑھی تو اس کی قبر پر جا کر اس کے جنازے کی نماز پڑھو۔

☆قبروں کے درمیان صلاۃ جنازہ ادا کرنا جائز نہیں ۔

☆صلاۃ جنازہ میں اذان اور اقامت ثابت نہیں۔

☆صلاۃ جنازہ کے بعد اجتماعی دعا ثابت نہیں۔

☆کفار ومنافقین کی صلاۃ جنازہ، یا ان کے لئے دعا و استغفار قطعا ناجائز ہے ۔

☆اگر جنازہ عید گاہ یا مسجد میں ہو تو عورت مرد کی طرح بقیہ مسلمانوں کے ساتھ نماز پڑھ سکتی ہے اور اسکو وہی ثواب ملے گا جو مردوں کو ملے گا۔

☆تدفین کے بعد قبر پر صلاۃ جنازہ پڑی جاسکتی ہے ۔

☆بچہ خواہ مردہ پیدا ہو اس کی صلاۃجنازہ پڑھی جاسکتی ہے ۔

## صلاۃ جنازہ غائبانہ کا حکم

غائب جس کے جنازہ کی نماز نہ پڑھی گئی ہو اس کی نماز غائبانہ پڑھی جاسکتی ہے جیسا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کے مرنے کی خبر لوگوں کو اسی روز دی جس روز وہ (ملک حبش)

میں مرا، پھر آپ ﷺ لوگوں کو لے کر عید گاہ گئے اور اس کے جنازہ کی نماز میں چار تکبیریں کہیں۔ (صحیح البخاری: ۱۳۷۷، صحیح مسلم: ۹۵۱)۔

صلاۃ جنازہ غائبانہ کو بدعت یا ناجائز کہنا درست نہیں ہے اس کے چند وجوہات ہیں :

۱- خود رسول اللہ ﷺ نے غائبانہ صلاۃ جنازہ ادا کیا ہے ۔

۲- اس عمل کی نجاشی کے ساتھ خصوصیت کی کوئی دلیل موجود نہیں اس لئے یہ عمل نبی کریم ﷺ کی ساری زندگی کے دیگر اعمال کی طرح ہمارے لئے اسوہ سنت ہے ۔

۳-کسی بھی صحابی رسول سے اس کی ممانعت منقول نہیں ۔

۴-حافظ ابن حجر عسقلانی رقم طراز ہیں کہ میرے علم میں کوئی ایسی خبر نہیں ہے کہ نجاشی کی صلاۃ جنازہ اس کے شہر میں نہیں پڑھی گئی تھی ۔(فتح الباری: ۳/ ۲۲۴)

۵-غائب میت پر صلاۃ جنازہ پڑھنا جائز ہے۔(فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء:۸/ ص۴۱۸)

## تین اوقات میں صلاۃ جنازہ پڑھنا ممنوع ہے

عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ تین اوقات میں رسول اللہ ﷺ ہمیں نماز پڑھنے اور مردوں کو دفن کرنے سے منع فرماتے تھے:

«حين تطلع الشمس بازغة حتى ترتفع، وحين يقوم قائم الظهيرة حتى تميل الشمس، وحين تضيف الشمس للغروب» ”سورج نکلنے کے وقت یہاں تک کہ وہ بلند ہو جائے، کھڑی دوپہر میں یہاں تک کہ سورج جھک جائے اور سورج غروب ہونے کے وقت یہاں تک کہ وہ غروب ہو جائے“۔ (مسلم: ۸۳۱)

## جنازہ اٹھانا اور اس کے ساتھ چلنا

جنازہ کے پیچھے پیچھے چلنے، اس پر نماز پڑھنے اور دفن تک رہنے کی فضیلت: سنت یہ ہے کہ جنازہ جلد تیار کیا جائے اور اس پر نماز پڑھنے اور اسے دفن کرنے میں جلدی کی جائے جیسا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «أَسْرِعُوا بِالْجِنَازَةِ، فَإِنْ تَكُ صَالِحَةً فَخَيْرٌ تُقَدِّمُونَهَا، وَإِنْ يَكُ سِوَى ذَلِكَ، فَشَرٌّ تَضَعُونَهُ عَنْ رِقَابِكُمْ» ”جنازہ جلدی لے جایا کرو اگر وہ نیک ہے تو تم اس کو بھلائی کی طرف نزدیک کرتے ہو اور اگر نیک نہیں ہے تو برے کو اپنی گردنوں پر سے اتارتے ہو“۔ (صحیح البخاری: ۱۳۱۵)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «مَنْ شَهِدَ الْجَنَازَةَ حَتَّى يُصَلَّى عَلَيْهَا، فَلَهُ قِيرَاطٌ، وَمَنْ شَهِدَهَا حَتَّى تُدْفَنَ، فَلَهُ قِيرَاطَانِ، قِيلَ: وَمَا الْقِيرَاطَانِ؟ قَالَ: مِثْلُ الْجَبَلَيْنِ الْعَظِيمَيْنِ». ”جو ایمان رکھ کر ثواب کی نیت سے کسی مسلمان کے جنازہ

کے ساتھ جائے اور نماز اور دفن سے فارغ ہونے تک اس کے ساتھ رہے تو وہ دو قیراط ثواب لے کر لوٹے گا، ہر قیراط اتنا بڑا ہے جتنا احد پہاڑ اور جو شخص جنازہ پر نماز پڑھ کر دفن سے پہلے لوٹ آئے تو وہ ایک قیراط ثواب لے کر لوٹے گا"۔(صحیح البخاری: ۱۳۲۵۔ مسلم: ۹۴۵)

## جنازہ کے ساتھ چلنے اور اس سے متعلق مسائل

☆میت کو چار آدمی اٹھائیں۔

☆پیدل چلنے والے اس کے آگے اور پیچھے چلیں اور سوار جنازے کے پیچھے ہی رہیں۔

☆ اور اگر قبر دور ہو اور وہاں تک جانے میں مشقت ہو تو میت کو سواری پر لے جانے میں کوئی حرج نہیں۔

☆جنازہ پر قرآنی آیات والی چادر ڈالنا جائز نہیں بلکہ اس سے بچنا واجب ہے ، اس سے میت کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

☆جنازے کے ساتھ رہنے کا اجرو ثواب مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے نہیں۔

☆جنازے کے ساتھ بلند آواز سے روتے ہوئے اور دھونی جلا کر ساتھ چلنا ممنوع ہے

☆جنازہ رکھے جانے سے پہلے نہ بیٹھنے کا حکم منسوخ ہے، یعنی بیٹھ سکتا ہے۔

☆جنازہ گزرتے ہوئے اس کے لئے کھڑے ہونے کا حکم منسوخ ہے ، یعنی کھڑا ہونا ضروری نہیں ۔

☆جنازہ کا ہلکا ہونا اس کی فضیلت کی کوئی دلیل نہیں بلکہ ایسا عقیدہ رکھنا باطل ہے ، شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں۔



# تدفین اور اس کے متعلقات

میت کو دفن کرنا واجب ہے خواہ وہ کافر ہی ہو۔

علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے: إِنَّ أَبَا طَالِبٍ مَاتَ، فَقَالَ: «اذْهَبْ، فَوَارِهِ»، قَالَ: إِنَّهُ مَاتَ مُشْرِكًا، قَالَ: «اذْهَبْ فَوَارِهِ» ابوطالب مرگئے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جاؤ انہیں گاڑدو" تو انہوں نے کہا: وہ شرک کی حالت میں مرے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جاؤ انہیں گاڑدو"۔ (نسائی: ۱۹۰) ایک دوسری روایت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: «أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ بِأَرْبَعَةٍ وَعِشْرِينَ رَجُلا مِنْ صَنَادِيدِ قُرَيْش، فَقُذِفُوا فِي طَوِيٍّ مِنْ أَطْوَاءِ بَدْرٍ» "بدر کی لڑائی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے قریش کے چوبیس مقتول سردار بدر کے ایک بہت ہی اندھیرے اور گندے کنویں میں پھینک دیئے گئے"۔ (صحیح البخاری: ۳۹۷۶)

## میت کو کہاں دفن کیا جائے

مسلمان کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے چاہے مرد ہو یا عورت، بڑا ہو یا چھوٹا، اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فوت شدگان کو بقیع کے

قبرستان میں دفن کرتے تھے ، سنت یہی ہے کہ مردوں کو قبرستان میں دفن کیا جائے ، صحابہ کرام یا دیگر بزرگان امت میں سے کسی کے بارے میں منقول نہیں کہ وہ قبرستان کے علاوہ کہیں دفن ہوا ہو اور مسجد میں دفن کرنا قطعا جائز نہیں، اسی طرح مشرکین کے قبرستان میں دفن کرنا جائز نہیں۔

انبیاء اور شہداء اس حکم سے مستثنی ہیں جیسا کہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: «لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اخْتَلَفُوا فِي دَفْنِهِ، فَقَالَ أَبُوبَكْرٍ: سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ شَيْئًا مَا نَسِيتُهُ، قَالَ: «مَا قَبَضَ اللهُ نَبِيًّا إِلاَّ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِي يُحِبُّ أَنْ يُدْفَنَ فِيهِ، ادْفِنُوهُ فِي مَوْضِعِ فِرَاشِهِ» "جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو آپ کی تدفین کے سلسلے میں لوگوں میں اختلاف ہوا، ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ سے ایک ایسی بات سنی ہے جو میں بھولا نہیں ہوں، آپ نے فرمایا: "جتنے بھی نبی ہوئے ہیں اللہ نے ان کی روح وہیں قبض کی ہے جہاں وہ دفن کیا جانا پسند کرتے تھے" (اس لیے) تم لوگ انہیں ان کے بستر ہی کے مقام پر دفن کرو"۔ (سنن الترمذی: ۱۰۱۸)

علامہ عبد الرحمن مبارک پوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ عمل گھروں میں تدفین کی ممانعت کے منافی نہیں ہے کیونکہ انبیاء کے خصائص میں یہ چیز بھی شامل ہے کہ انھیں وہیں دفن کیا جاتا ہے جہاں وہ فوت ہوں۔ (تحفۃ الاحوذی: ۴/ ۷۹)

اور شہداء بھی اس حکم سے مستثنی ہیں، کیونکہ معرکہ میں قتل ہونے

والے شہداء کو ان کی قتل گاہوں میں ہی دفن کیا جاتا ہے، انہیں قبرستان کی طرف منتقل نہیں کیا جاتا ہے جیسا کہ جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: «خَرَجَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِلَى الْمُشْرِكِينَ لِيُقَاتِلَهُمْ، فَقَالَ أَبِي عَبْدُ اللهِ: يَاجَابِرُ! لا عَلَيْكَ أَنْ تَكُونَ فِي نَظَّارِي أَهْلِ الْمَدِينَةِ حَتَّى تَعْلَمَ إِلَى مَا يَصِيرُ أَمْرُنَا، فَإِنِّي وَاللهِ لَوْلا أَنِّي أَتْرُكُ بَنَاتٍ لِي بَعْدِي لأَحْبَبْتُ أَنْ تُقْتَلَ بَيْنَ يَدَيَّ، قَالَ: فَبَيْنَمَا أَنَا فِي النَّظَّارِينَ إِذْ جَاءَتْ عَمَّتِي بِأَبِي وَخَالِي لِتَدْفِنَهُمَا فِي مَقَابِرِنَا، فَلَحِقَ رَجُلٌ يُنَادِي إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَرُدُّوا الْقَتْلَى، فَتَدْفِنُوهَا فِي مَضَاجِعِهَا حَيْثُ قُتِلَتْ؛ فَرَدَدْنَاهُمَا؛ فَدَفَنَّاهُمَا فِي مَضْجَعِهِمَا حَيْثُ قُتِلا» ”رسول اللہ ﷺ مشرکین کی طرف ان سے جنگ کرنے کے لیے نکلے تو میرے والد عبداللہ کہنے لگے: جابر! کوئی مضائقہ نہیں کہ تم اہل مدینہ کے ان لوگوں میں رہو جو غزوہ میں جانے والوں کے بال بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں تا کہ جان سکو کہ ہمارا انجام کیا ہوگا، اور اگر میں اپنے پیچھے لڑکیوں کو نہ چھوڑتا تو میں یہی چاہتا کہ تم میرے سامنے قتل کئے جاؤ، تو میں ان لوگوں میں تھا جو غازیوں کے پیچھے ان کے بال بچوں کی نگرانی کرتے ہیں کہ اچانک میری پھوپھی میرے والد اور میرے ماموں (کی لاش) لے کر آئیں تا کہ وہ ان دونوں کو اپنی قبرستان میں دفن کر سکیں کہ ان کے پیچھے ایک آدمی آواز دیتے ہوئے آیا کہ نبی اکرم ﷺ تمہیں حکم دے رہے ہیں کہ تم مقتولین کو واپس لے جاؤ اور انہیں جگہوں میں دفن کرو جہاں وہ مارے گئے ہیں“۔ (سنن الدارمی: ۴۵) (صحیح)

## میت کے تدفین کا طریقہ

قبر کو کشادہ اور بہتر بنایا جائے اور جب قبر کے نچلے حصے پر پہنچے تو میت کے سامنے کے بقدر قبلے کی طرف تھوڑی جگہ دے، اور اس میں میت کو رکھ دے۔ (یعنی بغلی قبر کھودے) اور وہ سیدھی قبر سے بہتر ہے اور اس کو داخل کرتے وقت یہ کہے:

«بِسْمِ اللَّهِ، وَعَلَى سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ»۔اور ایک روایت میں «وَعَلَى ملةِ رَسُولِ اللَّهِ» کے الفاظ ہیں۔ (ابوداود: ۳۲۳۱، ترمذی:۱۰۴۶)

میت کو اس کی بغلی قبر میں اس کے دائیں پہلو کے بل رکھے اور چہرہ قبلہ کی طرف ہو، پھر اس کے اوپر کچی اینٹیں مٹی کا گار لگا کر نصب کئے جائیں، پھر مٹی میں دفن کردیا جائے اور اس کی قبر زمین سے ایک بالشت اوپر اٹھا دی جائے اور اس کو کوہان نما بنا دیا جائے۔

## تدفین اور قبر کے متعلق مسائل

☆قبر کو پختہ بنانا، اس پر عمارت تعمیر کرنا، اس کے پاس نماز پڑھنا، اس پر مسجد بنانا، اس پر چراغ جلانا، اس پر گلاب پھیلانا، اس کا طواف کرنا، اس پر کچھ لکھنا اور اس پر میلے ٹھیلے (عرس)لگاناحرام ہے۔

☆قبر پر مسجد بنانا جائز نہیں او ر مسجد میں میت کا دفن کرنا جائز نہیں، پس اگر مسجد دفن کرنے سے پہلے بنائی گئی تھی تو قبرکو برابر کردیا

جائے، یا اگر لاش نئی ہے تو اسے نکال کر دوسری جگہ قبرستان میں دفن کردی جائے، اور اگر قبر پر مسجد بنائی گئی ہے تو یا تو مسجد کو گرا دیا جائے یا قبر کی صورت مٹا دی جائے، ہر وہ مسجد جو قبر پر بنائی گئی ہو اس میں نماز نہ پڑھی جائے خواہ فرض صلاۃ ہو یا نفل۔

☆سنت یہ ہے کہ قبر کو اتنا گہرا کھودا جائے کہ وہاں سے ہوا نہ نکل سکے اور نہ اسے درندے کھود سکیں اور اس کے نیچے بغلی قبر بنائی جائے جیسا کہ اس کے بارے میں بیان کیا جا چکا ہے اور یہی افضل ہے، یا سیدھی قبر بنائی جائے وہ اس طرح سے کہ قبر کے بیچ میں ایک گڈھا کھود دیا جائے اور اس میں میت کو رکھ دیا جائے پھر اس کے اوپر کچی اینٹیں لگائی جائیں پھر دفن کر دیا جائے۔

☆سنت یہ ہے کہ میت کو دن میں دفن کیا جائے اور رات میں بھی دفن کرنا جائز ہے۔

☆ایک قبر میں ایک سے زیادہ آدمی کو دفن کرنا جائز نہیں ہے الا یہ کہ اس کی ضرورت ہو جیسے کہ مقتولین کی تعداد زیادہ ہو جائے اور دفن کرنے والے کم لوگ ہوں ،اور ایسی صورت میں قبر میں سب سے پہلے اس شخص کو رکھا جائے جو ان میں سب سے افضل ہو۔

☆جس شخص نے اس شب اپنی بیوی سے ہمبستری نہ کی ہو وہ میت کو دفن کرنے کے لئے قبر میں داخل ہو۔

☆قبر پر تدفین کے بعد پانی چھڑکنا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ، اگر کوئی سنت نہ سمجھ کر چھڑکے تو کوئی قباحت نہیں۔

☆صندوق یا تابوت میں میت کو دفن کرنا جائز نہیں ، البتہ اگر اس کے بغیر کوئی چارہ ہی نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

☆شوہر بذات خود اپنی اہلیہ کو دفن کر سکتا ہے ۔

☆ اور اپنی موت سے پہلے اپنی قبر کھودنا پسند یدہ نہیں ہے۔

☆میت کو ایک قبر سے دوسری قبر میں منتقل کرنا مصلحت اور ضرورت کے تحت جائز ہے، مثلا اس کی قبر کو پانی ڈھانپ لے یا اسے کفار کے قبرستان میں دفن کیا گیا ہے، پس قبر مردوں کا گھر ہے جب وہ وہاں پہنچ جائیں تو ان کو وہاں سے نکالنا صرف انہیں کے فائدے کے لئے جائز ہے۔

☆میت کو قبر میں مرد رکھیں عورتیں نہیں اور میت کو میت کے ولی قبر میں اتارنے کے زیادہ حق دار ہیں، میت کو قبر میں اس کے پیر کی طرف سے اتارا جائے پھر اس کا سر آہستہ آہستہ داخل کیا جائے اور اسے قبر میں کسی بھی طرف سے داخل کرنا بھی جائز ہے، اور میت کی ہڈی توڑنا حرام ہے۔

☆عورتوں کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ جنازے کے پیچھے پیچھے چلیں کیوں کہ ان کا دل کمزور ہوتا ہے وہ جزع فزع کر سکتی ہیں، وہ مصیبتوں پر صبر نہیں کر پاتی ہیں ان کے منہ سے بعض ایسے کلمات نکل سکتے ہیں جن کا کہنا حرام ہے یا ان سے بعض ایسے افعال سرزد ہوسکتے ہیں جو حرام ہیں۔

☆جو میت کو دفن کرنے جائے وہ اس کی قبر پر سر کی طرف سے تین مرتبہ مٹی ڈالے۔

☆میت کا ولی اس کے قبر کے پاس کوئی نشانی لگا سکتا ہے، جیسے پتھر وغیرہ تاکہ اس کے گھر والوں میں سے جو مرے اس کو اس کے قریب دفن کیا جاسکے اور ا س کی قبر پہچانی جا سکے۔

☆جو شخص سمندر میں مرے (یعنی کشتی وغیرہ میں) اور اس کی حالت بدل جانے کا خوف ہو تو اسے غسل دیا جائے اور کفن پہنایا جائے اور سمندر میں ڈال دیا جائے۔

☆اگر کسی زندہ مسلمان کا کوئی کٹا ہوا عضو ملے خواہ وہ کسی بھی سبب سے کٹا ہو تو اس کا جلانا جائز نہیں اور نہ اسے غسل دیا جائے اور نہ اس پر نماز پڑھی جائے بلکہ ایک کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دفن کردیا جائے۔

☆میت کو زمین پر رکھنے اور دفن کرنے کے درمیان کے وقفہ میں کبھی کبھی حاضرین کو موت اور اس کے بعد کی زندگی یاد دلائی جائے اور نصیحت کی جائے، میت کے دفن کرنے کے بعد لوگ قبر کے پاس تھوڑی دیر ٹھہریں اور میت کے لئے دعا استغفار کریں۔

☆مسلمان اپنے مشرک رشتے دار مثلاً اپنے باپ یا اپنی ماں کی لاش مٹی میں چھپا سکتا ہے لیکن وہ اسے نہ نہلائے اور نہ کفن پہنائے اورنہ اس

کے جنازے کی نماز پڑھے، مشرک کے مسلمان رشتے داروں کا اس کے جنازے کے پیچھے پیچھے جانا جائز نہیں۔

# تعزیت

تعزیت کا لغوی معنی : تسلی دینا

تعزیت کا مطلب: میت کے متعلقین کو صبر کی تلقین کرنا، آخرت میں اجر و ثواب کی امید دلانا، میت اور پسماندگان کے حق میں دعا کرنا اور ان کے دکھ، درد اور غم میں شریک ہونا۔

## تعزیت کا حکم اور اس کی فضیلت

میت کے متعلقین سے تعزیت کرنا شرعی حکم ہے، جیسا کہ قرۃ مزنی سے مروی حدیث میں ہے کہ نبی کریم ﷺ کے ایک ساتھی کا بچہ فوت ہو گیاتو آپ ﷺ نے اس کی تعزیت کی اور فرمایا: ”اے فلاں ! تمہیں کون سی چیز زیادہ پسند ہے کہ تم اس (بچے) کے ذریعہ اپنی زندگی کو فائدہ پہنچاؤ، یا کل کو تم جب جنت کے دروازوں میں سے کسی دروازے کے پاس آؤ گے تو اسے وہاں پہلے سے موجود پاؤ گے اور وہ تمہارے لئے اسے (جنت کا دروازہ) کھولے گا“۔ (سنن النسائی : ۲۰۹۰) صحیح۔

تعزیت کرنے کی فضیلت کے متعلق انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: «من عزى أخاه المؤمن في مصيبته، كساه

الله حلة خضراء، يجبرها بها يوم القيامة»، قيل: يا رسول الله! ما يحبر؟ قال: «يغبط» ”جس نے اپنے کسی مومن بھائی کو مصیبت میں تسلی دی تو اللہ تعالی اسے ایسا سبز لباس پہنائے گا جس کے ذریعہ روز قیامت اس پر رشک کیا جائے گا“۔ (احکام الجنائز:۲۰۶) حسن۔

## آداب تعزیت

دفن سے پہلے اور دفن کے بعد میت کے اقرباء کی تعزیت ایسے الفاظ سے کئے جائیں جن سے انہیں تسلی ملے اور غم ہلکا ہو اور صبر آ جائے، جیسا کہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ الفاظ ثابت ہیں: «أَنَّ لِلَّهِ مَا أَخَذَ، وَلَهُ مَا أَعْطَى، وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى، فَمُرْهَا، فَلْتَصْبِرْ، وَلْتَحْتَسِبْ» ”یقینا اللہ ہی کی وہ چیز تھی جو اس نے لی ہے، اور اس نے جو کچھ بھی دیا ہے وہ اسی کا ہے، اور ہر چیز اس کی بارگاہ سے وقت مقررہ پر ہی واقع ہوتی ہے، لہٰذا صبر کرو اور ثواب کی امید رکھو“۔ (صحیح البخاری: ۷۳۷۷، صحیح مسلم: ۹۲۳)

اور میت اور اس کے اقرباء کے لئے یہ دعا کریں: «اللَّهُمَّ اغْفِرْ لأَبِي سَلَمَةَ، وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّينَ، وَاخْلُفْهُ فِي عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِينَ، وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ، وَافْسَحْ لَهُ فِي قَبْرِهِ، وَنَوِّرْ لَهُ فِيهِ» ”اے اللہ! تو (ابو فلاں) کو بخش دے، اس کے درجات ان لوگوں میں بلند کر دے جن کو تو نے ہدایت دی ہے اور اس کے پسماندگان میں اس کا خلف بنا اور ہمیں اور

اسے اے رب العالمین بخش دے اوراس کی قبر کو کشادہ کردے اور اس میں اس کے لئے نور پیدا کردے“۔ (صحیح مسلم:۹۲۰)

## تعزیت سے متعلق مسائل

☆تعزیت ہر جگہ جائز ہے، خواہ وہ قبرستان ہو یا بازار یا عید گاہ یا مسجد یا گھر اور یہ سنت نہیں ہے کہ میت کے گھر والے کسی جگہ اکٹھا ہوں اور لوگ ان کی تعزیت کے لئے جائیں، بلکہ اس کے گھر والے اپنے کام میں لگ جائیں اور جو شخص بھی ان سے ملے ان کی تعزیت کرے۔

☆گھر والوں کے لئے جائز نہیں کہ تعزیت کے لئے کوئی متعین لباس پہنیں اس لئے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر ناگواری کا اظہار کرنا ہے۔

☆ان کفار کی تعزیت کرنا جائز ہے جو اسلام اور مسلمانوں سے دشمنی نہ ظاہر کرتے ہوں لیکن ان کی میت کے لئے دعا نہ کی جائے۔

☆سنت یہ ہے کہ میت کے گھر والوں کے لئے کھانا پکایا جائے اور اسے ان کے پاس بھیجا جائے اور یہ مکروہ ہے کہ میت کے گھر والے لوگوں کے لئے کھانا تیار کریں اور پھر لوگوں کو کھانے کے لئے دعوت دیں۔

☆میت پر آنسو بہانا جائز ہے بشرط کہ واویلا اور نوحہ نہ کیا جائے، کپڑے پھاڑنا، گالوں پر طمانچہ مارنا، آواز بلند کرنا وغیرہ حرام ہے اور میت کو اس کی وجہ سے قبر میں تکلیف ہوگی، جیسا کہ عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے آل جعفر کو تین دن کی مہلت دی تھی

کہ لوگ ان کے پاس تعزیت کے لئے آئیں، پھر آپ ان کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ آج کے بعد میرے بھائی پر مت رونا پھر آپ نے فرمایا کہ میرے بھتیجے کو بلاؤ، چنانچہ مجھے بلایا گیا میں گھبرایا ہوا تھا نبی کریم ﷺ نے فرمایا :حجام کو بلاؤ ،پھر آپ نے میرا سر منڈادیا۔ (ابوداود: ۴۱۹۲۔ نسائی: ۵۲۲۷)

ایک دوسری حدیث میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”میت کو اس کی قبر میں اس پر نوحہ کرنے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے“۔ (صحیح البخاری: ۱۲۹۲، صحیح مسلم: ۹۲۷)

☆یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنا اس کا اکرام کرنا مستحب ہے۔

## قبروں کی زیارت اور اس کے متعلقات

قبر کی زیارت کرنا مسنون ہے اس لئے کہ وہ موت اور آخرت کو یاد دلاتی ہے اور یہ زیارت عبرت حاصل کرنے نصیحت پکڑنے، مردوں کو سلام کرنے اور ان کے استغفار کے لئے ہونی چاہئے نہ کہ ان سے دعا کی درخواست کرنے، ان سے تبرک حاصل کرنے، یا ان کی قبروں سے تبرک حاصل کرنے کے لئے ہو یہ ساری چیزیں جائز نہیں ہے جیسا بریدہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: «قَدْ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَقَدْ أُذِنَ لِمُحَمَّدٍ فِي زِيَارَةِ قَبْرِ أُمِّهِ، فَزُورُوهَا، فَإِنَّهَا تُذَكِّرُ الآخِرَةَ» ”میں نے تمہیں قبروں کی

زیارت سے روکا تھا۔ اب محمد کو اپنی ماں کی قبر کی زیارت کی اجازت دے دی گئی ہے۔تو تم بھی ان کی زیارت کرو، یہ چیز آخرت کو یاد دلاتی ہے "۔(سنن الترمذی : ۱۰۵۴) (صحیح)

تمام زندہ لوگوں کے لئے مردوں کو پکارنا، ان سے فریاد طلب کرنا، ان سے اپنی ضرورت پوری کرنے کے لئے کہنا، ان سے اپنی پریشانی دور کرنے کی التجا کرنا انبیاء اور صالحین کی قبروں کا طواف کرنا، قبروں کے پاس ذبیحہ پیش کرنا حرام وشرک ہے، اللہ تعالیٰ نے اس پر عذاب جہنم کی دھمکی دی ہے۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مرض الموت میں فرمایا: «لَعَنَ اللَّهُ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى، اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسْجِدًا قَالَتْ: وَلَوْلا ذَلِكَ لأَبْرَزُوا قَبْرَهُ غَيْرَ أَنِّي أَخْشَى أَنْ يُتَّخَذَ مَسْجِدًا» "یہود اور نصاریٰ پر اللہ کی لعنت ہو کہ انھوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مساجد بنا لیا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا : اگر ایسا ڈر نہ ہوتا تو آپ کی قبر کھلی رہتی (حجرہ میں نہ ہوتی ) کیوں کہ مجھے ڈر اس کا ہے کہ کہیں آپ کی قبر کو مسجد نہ بنایا جائے"۔ (بخاری: ۱۳۳۰۔ مسلم: ۵۲۹)

## کیا خواتین قبروں کی زیارت کر سکتی ہیں؟

عورتیں بھی مردوں کی طرح قبروں کی زیارت کر سکتی ہیں بشرطیکہ کثرت کے ساتھ نہ کریں ، اس کے دلائل حسب ذیل ہیں:

۱- حدیث میں وارد رخصت (فزوروہا) اب تم قبروں کی زیارت کرو، میں خواتین بھی شامل ہیں، جیسے ابتداء میں ممانعت میں دونوں شامل تھے۔

۲- جس سبب کی وجہ سے قبروں کی زیارت جائز ہے اس میں عورتیں بھی مردوں کی شریک ہیں یعنی قبریں آخرت یاد دلاتی ہیں ۔

۳-عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا:

آپ نے فرمایا: کہو: «السَّلامُ عَلَى أَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ، وَيَرْحَمُ اللَّهُ الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِينَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ بِكُمْ لَلاحِقُونَ» ”(اے مومن اور مسلمان گھر والو! تم پر سلامتی ہو، اللہ تعالیٰ ہمارے پہلے جانے والوں اور بعد میں آنے والوں پر رحم کرے، ان شاء اللہ ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں )“۔(صحیح مسلم :۹۷۴)

۴- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا ہر جمعہ کو اپنے چچا حمزہ رضی اللہ عنہ کی قبر کی زیارت کرتی تھیں۔ ( حاکم : ۱/۳۷۷)

## قبروں کی زیارت کے آداب

۱-جب قبرستان میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے: «السَّلامُ عَلَى أَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ، وَيَرْحَمُ اللَّهُ الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِينَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ بِكُمْ لَلاحِقُونَ» ”مؤمنین اور مسلم قبر والوں پر سلام ہو، اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر جو ہم سے پہلے گزر چکے ہیں

اور جو بعد میں آنے والے ہیں ان تمام لوگوں پر رحم کرے اور ہم بھی ان شاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں"۔ (مسلم:۹۷۳)



۲-یا یہ کہے: «السلام عليكم دار قوم مؤمنين، وإنا إن شاء الله بكم لاحقون» "مؤمن قبر والوں! تم پر سلام ہو اور ان شاء اللہ ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں"۔ (صحیح مسلم: ۲۳۹)

۳- یا یہ کہے: «السلام عليكم أهل الديار من المؤمنين والمسلمين، وإنا إن شاء الله لاحقون، أسأل الله لنا ولكم العافية» "مؤمن اور مسلم قبر والو تم پر سلام ہو اور ہم بھی ان شاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں، ہم اللہ سے اپنے لئے اور تمہارے لئے عافیت مانگتے ہیں"۔

## قبر کی زیارت کرنے والوں کے احوال

۱-اللہ تعالیٰ سے مردوں کے لئے دعا کرے، ان کے لئے استغفار کرے، ان کی حالت سے عبرت حاصل کرے اور آخرت کو یاد کرے، یہ شرعی زیارت ہے۔

۲-قبروں کے پاس اپنے لئے یا دوسروں کے لئے یہ گمان رکھ کر دعا کرنا کہ قبروں کے پاس دعا کرنا مساجد میں دعا کرنے سے افضل ہے بدعت ہے۔

۳-اللہ تعالیٰ سے کسی کے جاہ ونصب کا وسیلہ بنا کر دعا کرنا حرام ہے کیوں کہ وہ شرک تک پہچانے والی ہے مثلاً یہ کہے: اسالك يا ربي بجاه فلان۔

۴-اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کے بجائے اصحاب قبور سے دعا کرنا شرک اکبر ہے مثلاً یہ کہے اے اللہ کے نبی! اے اللہ کے ولی!اے فلاں ! مجھے یہ عطا کریا مجھے شفا دے۔

## جن اشیاء کے وسیلے سے دعا کی جا سکتی ہے

۱- اللہ تعالی کے اسمائے حسنی اور صفات علیا کو وسیلہ بنا کے دعا کرنا:

اللہ تعالی نے فرمایا:

﴿وَلِلَّهِ ٱلۡأَسۡمَآءُ ٱلۡحُسۡنَىٰ فَٱدۡعُوهُ بِهَا﴾ [الأعراف: ١٨٠]

”اللہ تعالی کے لئے اچھے نام ہیں، تم اسے ان ناموں کے ذریعہ پکارو“۔

دعائے استخارہ کے الفاظ بھی موضوع بحث پر دلالت کرتے ہیں:

«اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ، بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلامُ الْغُيُوبِ، اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هَذَا الأَمْرَ خَيْرٌ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي أَوْ قَالَ: عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ، فَاقْدُرْهُ لِي، وَيَسِّرْهُ لِي، ثُمَّ بَارِكْ لِي فِيهِ، وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هَذَا الأَمْرَ شَرٌّ لِي، فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي، أَوْ قَالَ فِي عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ، فَاصْرِفْهُ عَنِّي، وَاصْرِفْنِي عَنْهُ، وَاقْدُرْ لِي الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ، ثُمَّ أَرْضِنِي، قَالَ: وَيُسَمِّي حَاجَتَهُ» ”اے میرے اللہ ! میں تجھ سے تیرے علم کے بدولت

خیر طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کی بدولت تجھ سے طاقت مانگتا ہوں اور تیرے فضل عظیم کا طلب گار ہوں کہ قدرت تو ہی رکھتا ہے اور مجھے کوئی قدرت نہیں ۔ علم تجھ ہی کو ہے اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو تمام پوشیدہ باتوں کو جاننے والا ہے ۔ اے میرے اللہ ! اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام جس کے لئے استخارہ کیا جا رہا ہے میرے دین ، دنیا اور میرے کام کے انجام کے اعتبار سے میرے لئے بہتر ہے یا (آپ نے یہ فرمایا کہ ) میرے لئے وقتی طور پر اور انجام کے اعتبار سے یہ (خیر ہے) تو اسے میرے نصیب میں کر اور اس کا حصول میرے لئے آسان کر اور پھر اس میں مجھے برکت عطا کر اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے دین ، دنیااور میرے کام کے انجام کے اعتبار سے برا ہے یا (آپ نے یہ کہا کہ ) میرے معاملہ میں وقتی طور پر انجام کے اعتبار سے (برا ہے )تو اسے مجھ سے ہٹا دے اور مجھے بھی اس سے ہٹا دے۔پھر میرے لئے خیر مقدر فرما دے ، جہاں بھی وہ ہو اور اس سے میرے دل کو مطمئن بھی کر دے "۔ آپ نے فرمایا: اس کام کی جگہ اس کام کا نام لے۔( صحیح البخاری: ۱۱۶۲)

## ۲- اپنے نیک عمل کو وسیلہ بناکر دعا کرنا:

اللہ تعالی کا ارشاد ہے :

﴿رَبَّنَآ ءَامَنَّا بِمَآ أَنزَلْتَ وَٱتَّبَعْنَا ٱلرَّسُولَ فَٱكْتُبْنَا مَعَ ٱلشَّٰهِدِينَ ﴾ [آل عمران: ۵۳]

"اے ہمارے پالنے والے معبود! ہم تیری اتاری ہوئی وحی پر ایمان لائے اور ہم نے تیرے رسول کی اتباع کی، پس تو ہمیں گواہوں میں لکھ لے"۔

ایک حدیث میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: «بَيْنَمَا ثَلاثَةُ نَفَرٍ يَتَمَاشَوْنَ أَخَذَهُمُ الْمَطَرُ، فَمَالُوا إِلَى غَارٍ فِي الْجَبَلِ، فَانْحَطَّتْ عَلَى فَمِ غَارِهِمْ صَخْرَةٌ مِنَ الْجَبَلِ، فَأَطْبَقَتْ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: انْظُرُوا أَعْمَالا عَمِلْتُمُوهَا لِلَّهِ صَالِحَةً، فَادْعُوا اللَّهَ بِهَا، لَعَلَّهُ يَفْرُجُهَا، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: اللَّهُمَّ إِنَّهُ كَانَ لِي وَالِدَانِ شَيْخَانِ كَبِيرَانِ، وَلِي صِبْيَةٌ صِغَارٌ، كُنْتُ أَرْعَى عَلَيْهِمْ، فَإِذَا رُحْتُ عَلَيْهِمْ، فَحَلَبْتُ بَدَأْتُ بِوَالِدَيَّ أَسْقِيهِمَا قَبْلَ وَلَدِي وَإِنَّهُ نَاءَ بِيَ الشَّجَرُ، فَمَا أَتَيْتُ حَتَّى أَمْسَيْتُ، فَوَجَدْتُهُمَا قَدْ نَامَا فَحَلَبْتُ كَمَا كُنْتُ أَحْلُبُ، فَجِئْتُ بِالْحِلابِ فَقُمْتُ عِنْدَ رُءُوسِهِمَا أَكْرَهُ أَنْ أُوقِظَهُمَا مِنْ نَوْمِهِمَا وَأَكْرَهُ أَنْ أَبْدَأَ بِالصِّبْيَةِ قَبْلَهُمَا، وَالصِّبْيَةُ يَتَضَاغَوْنَ عِنْدَ قَدَمَيَّ، فَلَمْ يَزَلْ ذَلِكَ دَأْبِي وَدَأْبَهُمْ حَتَّى طَلَعَ الْفَجْرُ، فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي فَعَلْتُ ذَلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ، فَافْرُجْ لَنَا فُرْجَةً نَرَى مِنْهَا السَّمَاءَ، فَفَرَجَ اللَّهُ لَهُمْ فُرْجَةً حَتَّى يَرَوْنَ مِنْهَا السَّمَاءَ، وَقَالَ: الثَّانِي اللَّهُمَّ إِنَّهُ كَانَتْ لِي ابْنَةُ عَمٍّ أُحِبُّهَا كَأَشَدِّ مَا يُحِبُّ الرِّجَالُ النِّسَاءَ، فَطَلَبْتُ إِلَيْهَا نَفْسَهَا، فَأَبَتْ حَتَّى آتِيَهَا بِمِائَةِ دِينَارٍ، فَسَعَيْتُ حَتَّى جَمَعْتُ مِائَةَ دِينَارٍ، فَلَقِيتُهَا بِهَا، فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا، قَالَتْ: يَا عَبْدَ اللَّهِ اتَّقِ اللَّهَ، وَلا تَفْتَحِ الْخَاتَمَ، فَقُمْتُ عَنْهَا اللَّهُمَّ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ، أَنِّي قَدْ فَعَلْتُ ذَلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ، فَافْرُجْ لَنَا مِنْهَا،

فَفَرَجَ لَهُمْ فُرْجَةً، وَقَالَ الآخَرُ: اللَّهُمَّ إِنِّي كُنْتُ اسْتَأْجَرْتُ أَجِيرًا بِفَرَقِ أَرُزٍّ، فَلَمَّا قَضَى عَمَلَهُ، قَالَ: أَعْطِنِي حَقِّي، فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَقَّهُ، فَتَرَكَهُ وَرَغِبَ عَنْهُ، فَلَمْ أَزَلْ أَزْرَعُهُ حَتَّى جَمَعْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَرَاعِيَهَا، فَجَاءَنِي فَقَالَ: اتَّقِ اللَّهَ وَلا تَظْلِمْنِي وَأَعْطِنِي حَقِّي، فَقُلْتُ: اذْهَبْ إِلَى ذَلِكَ الْبَقَرِ وَرَاعِيهَا، فَقَالَ: اتَّقِ اللَّهَ وَلا تَهْزَأْ بِي، فَقُلْتُ: إِنِّي لا أَهْزَأُ بِكَ، فَخُذْ ذَلِكَ الْبَقَرَ وَرَاعِيَهَا، فَأَخَذَهُ فَانْطَلَقَ بِهَا، فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي فَعَلْتُ ذَلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ مَا بَقِيَ، فَفَرَجَ اللَّهُ عَنْهُمْ»

”تین آدمی چل رہے تھے کہ بارش نے انھیں آلیا اور انھوں نے مڑ کر پہاڑ کی غار میں پناہ لی ۔ اس کے بعد ان کے غار کے منہ پر پہاڑ کی ایک چٹان گری اور اس کا منہ بند ہو گیا ۔ اب بعض نے بعض سے کہا کہ تم نے جو نیک کام کئے ہیں ان میں ایسے کام کو دھیان میں لاؤ جو تم نے خالص اللہ کے لئے کیا ہو تاکہ اللہ سے اس کے ذریعہ دعا کرو ممکن ہے وہ غار کوکھول دے۔ اس پر ان میں سے ایک نے کہا اے اللہ! میرے والدین تھے اور بہت بوڑھے تھے اور میرے چھوٹے چھوٹے بچے بھی تھے ۔ میں ان کے لئے بکریاں چراتاتھا اور واپس آکر دودھ نکالتا تو سب سے پہلے اپنے والدین کو پلاتا تھا اپنے بچوں سے بھی پہلے ۔ ایک دن چارے کی تلاش نے مجھے بہت دور لے جا ڈالا چنانچہ میں رات گئے واپس آیا۔ میں نے دیکھا کہ میرے والدین سو چکے ہیں ۔ میں نے معمول کے مطابق دودھ نکالا

پھر میں دوھا ہوا دودھ لے کر آیا اور ان کے سرہانے کھڑا ہو گیا میں یہ گوارا نہیں کر سکتا تھا کہ انھیں سونے میں جگاؤں اور یہ بھی مجھ سے نہیں ہو سکتا تھا کہ والدین سے پہلے بچوں کو پلاؤں ۔ بچے بھوک سے میری قدموں پر لوٹ رہے تھے اور اسی کشمکش میں صبح ہوگئی۔ پس اے اللہ! اگر تیرے علم میں بھی یہ کام میں نے صرف تیری رضا حاصل کرنے کے لئے کیا تھا تو ہمارے لئے کشادگی پیدا کر دے کہ ہم آسمان دیکھ سکیں ۔ اللہ تعالیٰ نے (دعا قبول کی اور ) ان کے لئے اتنی کشادگی پیدا کر دی کہ وہ آسمان دیکھ سکتے تھے ۔ دوسرے شخص نے کہا اے اللہ ! میری ایک چچا زاد بہن تھی اور میں اس سے محبت کرتا تھا ، وہ انتہائی محبت جو ایک مرد ایک عورت سے کر سکتا ہے ۔ میں نے اس سے اسے مانگا تو اس نے انکار کیا اور صرف اس شرط پر راضی ہوئی کہ میں اسے سو دینار دوں ۔ میں نے دوڑ دوھوپ کی او رسو دینار جمع کر لایا پھر اس کے پاس انھیں لے کر گیا پھر جب میں اس کے دونوں پاؤں کے درمیان بیٹھ گیا تو اس نے کہا کہ اے اللہ کے بندے! اللہ سے ڈر اور مہر کو مت توڑ۔ میں یہ سن کر کھڑا ہو گیا (زنا سے باز رہا) پس اگر تیرے علم میں بھی میں نے یہ کام تیری رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لئے کیا تھا تو ہمارے لئے کچھ اور کشادگی (چٹان کو ہٹا کر ) پیدا کر دے۔ چنانچہ ان کے لئے تھوڑی سی اور کشادگی ہو گئی ۔ تیسرے شخص نے کہا اے اللہ! میں نے ایک مزدور

ایک فرق چاول کی مزدوری پر رکھا تھا اس نے اپنا کام پورا کر کے کہا کہ میری مزدور ی دو۔ میں نے اس کی مزدوری دے دی لیکن وہ چھوڑ کر چلا گیا اور اس کے ساتھ بے توجہی کی۔ میں اس کے اس بچے ہوئے دھان کو بوتا رہا اور اس طرح میں نے اس سے ایک گائے اور اس کا چرواہا کر لیا (پھر جب وہ آیا تو ) میں نے اس سے کہا کہ یہ گائے اور چرواہا لے جاؤ ۔ اس نے کہا اللہ سے ڈرو اور میرے ساتھ مذاق نہ کرو۔ میں نے کہا کہ میں تمھارے ساتھ مذاق نہیں کرتا۔ اس گائے اور چرواہے کو لے جاؤ۔ چنانچہ وہ انھیں لے کر چلا گیا۔ پس اگر تیرے علم میں بھی میں نے یہ کام تیری رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لئے کیا تھا تو (چٹان کی وجہ سے غار سے نکلنے میں جو رکاوٹ باقی رہ گئی ہے اسے بھی کھول دے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے پوری طرح کشادگی کر دی جس سے وہ باہر آگئے۔(صحیح البخاری:۵۹۷۴)

۳- کسی زندہ نیک آدمی کی دعا کو وسیلہ بنانا: انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں قحط سالی ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے کہ ایک دیہاتی نے آکر کہا : اے اللہ کے رسول ! مال ہلاک ہو گیا، اہل وعیال بھوکے ہو گئے ، آپ ہمارے لئے دعا فرمائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھائے: وَمَا نَرَى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا وَضَعَهَا حَتَّى ثَارَ السَّحَابُ أَمْثَالَ الْجِبَالِ، ثُمَّ لَمْ يَنْزِلْ، عَنْ مِنْبَرِهِ حَتَّى رَأَيْتُ الْمَطَرَ يَتَحَادَرُ عَلَى

لِحْيَتِهِ ﷺ فَمُطِرْنَا يَوْمَنَا ذَلِكَ وَمِنَ الْغَدِ وَبَعْدَ الْغَدِ، وَالَّذِي يَلِيهِ حَتَّى الْجُمُعَةِ الأُخْرَى وَقَامَ ذَلِكَ الأَعْرَابِيُّ أَوْ قَالَ: غَيْرُهُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ! تَهَدَّمَ الْبِنَاءُ وَغَرِقَ الْمَالُ؛ فَادْعُ اللَّهَ لَنَا فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ: «اللَّهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلا عَلَيْنَا»، فَمَا يُشِيرُ بِيَدِهِ إِلَى نَاحِيَةٍ مِنَ السَّحَابِ إِلا انْفَرَجَتْ وَصَارَتِ الْمَدِينَةُ مِثْلَ الْجَوْبَةِ، وَسَالَ الْوَادِي قَنَاةُ شَهْرًا وَلَمْ يَجِئْ أَحَدٌ مِنْ نَاحِيَةٍ إِلا حَدَّثَ بِالْجَوْدِ.

”اس وقت بادل کا ایک ٹکڑا بھی آسمان پر نظر نہیں آرہا تھا۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ابھی آپ نے ہاتھوں کو نیچے بھی نہیں کیا تھا کہ پہاڑوں کی طرح گھٹا امڈ آئی اور آپ ابھی منبر سے اترے بھی نہیں تھے کہ میں نے دیکھا کہ بارش کا پانی آپ ﷺ کی مبارک داڑھی سے ٹپک رہا تھا، اس دن اس کے بعد اور متواتر اگلے جمعہ تک بارش ہوتی رہی، ( دوسرے جمعہ کو ) یہی اعرابی (دیہاتی) پھر کھڑا ہوا یا کہا کہ کوئی دوسرا شخص کھڑا ہوا اور عرض کیااللہ کے رسول اللہ ! گھر گر گئے اور جانور ڈوب گئے، آپ ہمارے لئے اللہ سے دعا کیجئے،آپ نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور دعا کی کہ اے اللہ ! اب دوسری طرف بارش برسا اور ہم سے روک دے ۔ آپ ہاتھ سے بادل کے لئے جس طرف بھی اشارہ کرتے، ادھر مطلع صاف ہو جاتا ، سارا مدینہ تالاب کی طرح بن گیا تھا اور قناۃ کا نالا مہینہ بھر بہتا رہا اور اردگرد سے آنے والے بھی اپنے یہاں بھرپور بارش کی خبر دیتے رہے“ ۔( صحیح البخاری: ۹۳۳)

## کیا مردے سنتے ہیں؟

صحیح موقف اور رائے یہ ہے کہ انسان اپنی زندگی میں کتنا ہی نیک، ولی یا پیغمبر ہو وہ اپنی موت کے بعد زندہ لوگوں کی کوئی بات نہیں سن سکتا، سوائے اس کے جو اسے اللہ سنادے، جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا:

﴿إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ ٱلْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ ٱلصُّمَّ ٱلدُّعَآءَ إِذَا وَلَّوْا۟ مُدْبِرِينَ﴾ [النمل: ٨٠]

"بیشک آپ نہ مردوں کو سنا سکتے ہیں اور نہ بہروں کو اپنی پکار سنا سکتے ہیں"۔

ایک دوسرے مقام پر اللہ نے یوں فرمایا:

﴿وَمَا يَسْتَوِى ٱلْأَحْيَآءُ وَلَا ٱلْأَمْوَٰتُ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُسْمِعُ مَن يَشَآءُ ۖ وَمَآ أَنتَ بِمُسْمِعٍ مَّن فِى ٱلْقُبُورِ﴾ [فاطر: ٢٢]

" زندے اور مردے برابر نہیں ہو سکتے ، اللہ تعالی جس کو چاہتا ہے سنا دیتا ہے اور آپ ان کو نہیں سنا سکتے جو قبروں میں ہیں"۔

جن حضرات کا باطل خیال یہ ہے کہ مردے سنتے ہیں ان کے دلائل اور جوابات:

ا-بخاری کی ایک روایت جس میں اللہ کے رسول نے فرمایا: «إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ» "قبر میں دفن کرنے کے بعدواپس جانے والے لوگوں کے جوتوں کی آواز میت کو سنائی دیتی ہے" (صحیح البخاری: ۱۳۳۸)

جواب:اس حدیث سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ مردے ہمیشہ اور ہر وقت سنتے ہیں، بلکہ اس میں تو صرف اتنا ہی ذکر ہے کہ جب مردے کو دفن کر کے لوگ واپس لوٹتے ہیں تو وہ اس وقت ان کے جوتوں کی آواز سنتا ہے، نیز اس حدیث کا سیاق بتاتا ہے کہ جب وہ آواز سنتا ہے اس وقت اس میں روح ڈالی جا چکی ہوتی ہے، تاکہ وہ منکر نکیر کے سوالوں کا جواب دے سکے۔

۲- جنگ بدر کے دن رسول اللہ ﷺ نے قریش کے چوبیس (۲۴) مقتول سرداروں کو بدر کے ایک کویں میں پھینکنے کا حکم دیا، جب انہیں پھینک دیا گیا تو آپ ﷺ نے کنویں کے کنارے پر کھڑے ہوکر ان کے نام لے کر انہیں پکارا اور کہا: آج تمہارے لئے یہ بہتر نہیں تھا کہ تم اللہ اور اس کے رسول کی فرماں برداری کرتے؟ یقینا ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا تھا وہ ہمیں مل گیا،تو کیا جو تمہارے رب کا تمہارے متعلق جو عذاب کا وعدہ تھا وہ تمہیں بھی مل گیا ہے؟ یہ سن کر عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپ ان لاشوں سے کیوں کلام کر رہے ہیں جن میں روح ہی نہیں ہے، تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، جو میں کہہ رہا ہوں تم ان سے زیادہ نہیں سن رہے ہو"۔

جواب: مذکوربالا حدیث سے ثابت کیا جاتا ہے کہ مردے سنتے ہیں حالانکہ یہ حدیث بتلاتی ہے کہ مردے نہیں سنتے ہیں،یہی وجہ ہے کہ

عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے کلام پر اعتراض کیا اور پھر جواب میں رسول اللہ نے یہ نہیں فرمایا کہ مردے سنتے ہیں بلکہ آپ ﷺ نے کہا کہ یہ بھی تمہاری مانند سن رہے ہیں، یعنی آپ ﷺ کا کلام سننا ان مردوں کے ساتھ خاص تھا اور یہ آپ ﷺ کا ایک معجزہ تھا، وگرنہ اللہ تعالی نے نبی کریم ﷺ سے صاف فرمادیاہے ۔آپ اہل قبور کو نہیں سنا سکتے، جیسا کہ ابھی اوپر آیت میں گذرا ہے۔

۳-اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا: ”تمہارے دنوں میں سے سب سے افضل دن جمعہ کا دن ہے، لہذا اس دن میں مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے“۔

جواب: اس حدیث میں کہیں مذکور نہیں ہے کہ آپ ﷺ نے یہ فرمایا ہو کہ میں تمہارا درود سنتا ہوں بلکہ وہ تو فرشتوں کے ذریعے آپ تک پہونچایا جاتا ہے ، جیسا ایک روایت میں اس کی صراحت موجود ہے ، اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ”بلا شبہ اللہ کے مقرر کردہ فرشتے زمین میں چلتے پھرتے ہیں اور میری امت کی طرف سے بھیجا ہوا سلام مجھے پہونچاتے ہیں“۔

۴- جس روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قبرستان میں داخل ہوتے وقت یہ دعا سکھائی: «السلام عليكم أهل الديار» ”اے اہل قبور! تم پر سلام ہو“۔

جواب : اس سے یہ استدلال کرنا مردے سنتے ہیں درست نہیں کیونکہ اس میں ایسا کوئی ذکر موجود نہیں ، لیکن اس میں یہ اعترض کہ پھر سلام کہنے کا کیا مطلب ؟ تو اس کا بھی جواب یہ ہے کہ ہم صرف اسی عمل کے مکلف ہیں جس کا شریعت نے ہمیں حکم دیا ہے اور جس کے متعلق شریعت خاموش ہے ہمیں بھی اس میں سکوت اختیار کرنا چاہئے، چونکہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے اہل قبور کو سلام کرنے کی ترغیب دلائی ہے اس لئے ہمیں ان کو سلام کرنا چاہئے اور ہو سلام سنتے ہیں کہ نہیں یا اس کا جواب دیتے ہیں کہ نہیں اس کے متعلق شریعت خاموش ہے، لہذا ہمیں بھی اس میں بحث کرکے اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے، بلکہ اپنے عمل و عقیدہ کی اصلاح کی کوشش کرنی چاہئے۔

۵-ابو رزین کی روایت جس میں اللہ کے رسول ﷺ نے اہل قبور کے قریب سے گذرتے وقت ان کے دریافت کرنے پر یہ دعا سکھائی: السلام علیکم یاأهل القبور.............اے قبر والو ! تم پر سلامتی ہو ”تو اس نے کہا : اے اللہ کے رسول !کیا وہ سنتے ہیں ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سنتے ہیں لیکن جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے“۔

جواب: یہ روایت منکر اور ضعیف ہے ، اس وجہ سے قابل حجت نہیں، (السلسلة الضعيفة للالبانی : ۱۱۴۷)

# زیارت سے متعلق مسائل

☆جو دین اسلام کے علاوہ دوسرے دین پر مرے اس کی قبر کی زیارت صرف عبرت حاصل کرنے کے لئے کی جاسکتی ہے، اس کے لئے دعا اور استغفار نہ کیا جائے بلکہ اسے جہنم کی بشارت دی جائے۔

☆قبرستان عبرت کی جگہ ہے لہٰذا اس میں درخت لگا کر یا عمدہ پختہ راستہ بنا کر یا چراغاں کرکے خوبصورت بنانے کی کوشش نہ کی جائے۔

☆بکثرت قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں پر اللہ کے نبی ﷺ نے لعنت فرمائی ہے ۔

☆زائر کے لئے مستحب ہے کہ وہ قبلہ رخ کھڑا ہو ۔

☆دعا کے لئے اہل قبر کو وسیلہ بنانا جائز نہیں ۔

☆زیارت کے دوران قرآن کی قرات ثابت نہیں۔

☆قبرستان میں جوتیوں کے ساتھ چلنا جائز نہیں الا کہ کوئی ضرورت ہو۔

## جن کاموں سے میت کو فائدہ ہوتا ہے

☆مسلمان کی دعاجبکہ اس میں قبولیت کی شرطیں موجود ہوں :

اللہ تعالی نے فرمایا:

﴿وَٱلَّذِينَ جَآءُو مِنۢ بَعۡدِهِمۡ يَقُولُونَ رَبَّنَا ٱغۡفِرۡ لَنَا وَلِإِخۡوَٰنِنَا ٱلَّذِينَ سَبَقُونَا بِٱلۡإِيمَٰنِ وَلَا تَجۡعَلۡ فِي قُلُوبِنَا غِلّٗا لِّلَّذِينَ ءَامَنُواْ رَبَّنَآ إِنَّكَ رَءُوفٞ رَّحِيمٌ﴾ [الحشر: ١٠]

"اور وہ جو ان کے بعد آئیں گے وہ کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں اور ایمان داروں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (اور دشمنی) نہ ڈال، اے ہمارے رب! بیشک تو شفقت و مہربانی کرنے والا ہے"۔

☆اگر کوئی مسلمان کسی مردہ مسلمان کو ثواب پہنچانے کی خاطر کوئی عمل کرے تو یہ جائز ہے الا یہ کہ وہ شرعی حدود میں ہو مثلاً میت کے لئے استغفار کرنا، اس کی طرف سے حج وعمرہ کرنا، اس کی طرف سے صدقہ کرنا، اس کی طرف سے واجب روزہ رکھنا مثلاً نذر کا روزہ وغیرہ تو یہ جائز ہے۔

☆ البتہ کچھ لوگوں کو کرایہ پر قرآن پڑھنے کے لئے بلانا اور اس کا ثواب میت کو ہدیہ کرنا بدعت ہے۔

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں ان میں دو چیزیں واپس آجاتی ہیں اور اس کے ساتھ ایک چیز باقی رہ جاتی ہے۔ اور وہ یہ ہیں۔ اس کے گھر والے اس کا مال اور اس کا عمل، پھر اس کے گھر والے

اور اس کا مال واپس آجاتا ہے اور اس کا عمل اس کے ساتھ باقی رہ جاتا ہے۔ (بخاری: ۶۵۱۴، مسلم:۲۹۶۰)

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| بیماری کی حکمت اور اس کے چند فوائد | 7 |
| مریض کی عیادت کا حکم | 15 |
| مریض کے فرائض | 19 |
| قریب الموت شخص کو کلمہ شہادت کی تلقین کرنا اور دعا دینا | 23 |
| موت اور اس کے احکام | 25 |
| میت کے غسل کے متعلق احکام ومسائل | 39 |
| میت کی تکفین | 47 |
| صلاۃ جنازہ کے مسائل و احکام | 51 |
| صلاۃ جنازہ کے مسائل | 57 |
| تدفین اور اس کے متعلقات | 65 |
| تعزیت | 73 |
| زیارت سے متعلق مسائل | 91 |





IslamHouse.com
IslamHouseOr IslamHouseOR/ islamhouse.com/or/
IslamHouseOr/


For more details visit
www.GuideToIslam.com
GUIDE TO ISLAM

contact us :Books@guidetoislam.com
Guidetolslam.org Guidetoislam1 Guidetoislam www.Guidetoislam.com

المكتب التعاوني للدعوة وتوعية الجاليات بالربوة
هاتف: ٩٦٦١١٤٤٥٤٩٠٠+ فاكس: ٩٦٦١١٤٩٧٠١٢٦+ ص ب: ٢٩٤٦٥ الرياض: ١١٤٥٧
ISLAMIC PROPAGATION OFFICE IN RABWAH
P.O.BOX 29465 RIYADH 11457 TEL: +966 11 4454900 FAX: +966 11 4970126

# جنازے کے احکام ومسائل

جنائز کے احکام ومسائل کے متعلق اردو زبان میں یہ ایک مختصر کتاب ہے جس میں مرض کی حکمت، آزمائش اور اس کے چند فوائد بیان کئے گئے ہیں، ساتھ ہی علاج کے جائز طریقے بیان کئے گئے ہیں اور علاج کے لئے ناجائز اور حرام اسباب اختیار کرنے کی تمام صورتوں کی وضاحت کی گئی ہے، مریض کی عیادت کے احکام وآداب پر بڑی پیاری گفتگو ہے، میت کے غسل کی کیفیت اور اس کی تجہیز، تکفین اور تدفین اور اس سے متعلق اہم مسائل کی وضاحت کی گئی ہے، تعزیت کے احکام و آداب اور قبر کی زیارت کے اسلامی طریقے کے ذکر کے ساتھ اس کے پاس کی جانے والی بدعتوں پر ٹھیک سے روشنی ڈالی گئی ہے۔




IslamHouse.com
مرکز اصول
Osoul Center
www.osoulcenter.com